فہرست مطالب

اردو مقالات

اردو میں غزل مخالف تنقید ـــــ ایک جائزہ / ڈاکٹر ضیاء الحسن ۵

چراغ حسن حسرت اور صحرائے صحافت کا سفر / مرغوب حسین طاہر ۲۳

عہدِ ہجویری میں زوالِ علم و عرفان اور اس پر سیّد ہجویریؒ کی تنقید / ڈاکٹر شعیب احمد، ڈاکٹر احسان احمد ۳۵

اُردو میں ''اختصاریہ'' نویسی کی روایت / زاہد اختر شاہین، ڈاکٹر نجیب الدین جمال ۴۵

فارسی مقالات

مثنوی شیرین و فرهاد سرودۀ دونی چند را یزاده / دکتر محمد ناصر، دکتر محمد صابر ۵۵

روابط فرهنگی ایران و شبه قاره قبل از اسلام / دکتر اعجاز احمد ندیم ۶۳

عربی مقالہ

''الصخرة الأخيرة'' و ''وا اسلاماه'' / الدكتور عبد القدير ۷۵

پنجابی مقالہ

چرخے دی ورتوں پنجابی شعری ونگاں وچ / ڈاکٹر عاصمہ قادری ۹۷

انگریزی مقالہ

Brief Description of Pre-Islamic Period of Kashmir History

Dr. Shakeel Ahmed 03

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 34, Sr.No.90, 2013 pp 05 - 22

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد ۳۴، جنوری۔ مارچ ۲۰۱۳ء، شمارہ ۹۰

اردو میں غزل مخالف تنقید —— ایک جائزہ

ڈاکٹر ضیاءالحسن☆

Abstract:

Ghazal is considered the most significant form of Urdu and Persian classical poetry. In Urdu Ghalib, Meer, and Dard took this form of poetry to its absolute height. But in modern times there are some literary critics who have focused on negating Ghazal. In this article the research scholar has evaluated and analyzed the Ghazal opponent movement in Urdu literature, which begins with the lecturer delivered by Muhammad Hussain Azad in 1867. This article deals with the tradition of Ghazal opponent movement in the larger context.

Key words: Urdu poetry, Ghazal, Ghazal opponent movement.

آغاز محمد حسین آزاد کے اس لیکچر سے ہوا جو انھوں نے انجمن پنجاب کے جلسے میں "نظم اور کلام موزوں کے باب میں خیالات" کے عنوان سے ۱۸۶۷ء میں دیا۔ قبل ازیں غزل کی تنقید تذکرہ نگاری تک محدود تھی۔ غزل کلاسیکی شاعری کی سب سے مستحکم صنف سخن تھی اور اپنے عہد کی سیاست، معاش، معاشرت، ثقافت اور تہذیب کو بیان کرنے پر مکمل طور پر قادر تھی۔ اس دور میں غزل نے تصوف اور عشق سے اپنا علامتی و استعاراتی نظام وضع کیا۔ برصغیر پر برطانوی اقتدار کے بعد ہند اسلامی تہذیب جو خالص ہندوستانی تہذیب کا درجہ اختیار کر چکی تھی، برطانوی تہذیب سے اثر پذیر ہونا شروع ہوئی۔

☆ ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اردو، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

۱۸۵۷ء کے بعد ہندوستانیوں نے برطانوی اقتدار کو ذہنی طور پر قبول کر لیا جس سے ہند برطانوی تہذیب کو تیزی سے پنپنے کا موقع ملا۔ اب ایک طرف تو غزل کا کلاسیکی علامتی و استعاراتی نظام کثرت استعمال سے اپنی معنویت گنوا چکا تھا اور دوسری طرف وہ بدلتی ہوئی زندگی کو بیان کرنے سے قاصر تھا۔ اس صورت حال میں آزاد نے اپنا مشہور لیکچر دیا جس نے جدید نظم گوئی کی راہ ہموار کی۔ اس مضمون میں اس بات پر زور دیا گیا تھا کہ ادب چوں کہ کوئی جامد چیز ہے اور نہ زمانہ ٹھہرا رہتا ہے، وقت کے ساتھ زندگی بدلتی رہتی ہے، اس لیے ادبی اقدار کو بھی تبدیل ہوتے رہنا چاہیے۔ اردو شاعری چند موضوعات و اسالیب تک محدود ہو کر رہ گئی ہے جن کا بدلتی ہوئی زندگی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ شعوری طور پر کوشش کی جائے کہ ادب واقعیت اختیار کرے اور اپنے زمانے کے اہم مسائل و معاملات کو موضوع بنائے تا کہ اس کی افادیت اپنے زمانے کے لیے قائم ہو سکے۔ آزاد نے اس زمانے میں یہ لیکچر دیا، جب تہذیب الاخلاق جاری ہوا تھا اور نہ حالی کے ذہن میں مقدمہ شعر و شاعری کا خیال پیدا ہوا تھا۔ یوں آزاد پہلے نقاد میں جنھوں نے بدلتی ہوئی زندگی کے تقاضوں کا ادراک کیا اور ادب کو اس سے ہم آہنگ کرنے کا سوچا۔

> ''اے گلشنِ فصاحت کے باغبانو! فصاحت اسے نہیں کہتے کہ مبالغے اور بلند پروازی کے بازوؤں سے اڑے، قافیوں کے پروں سے فرفر کرتے گئے اور شوکت الفاظ کے زور سے آسمان پر چڑھتے گئے اور استعاروں کی تہہ میں ڈوب کر غائب ہو گئے۔ فصاحت کے معنی یہ ہیں کہ خوشی یا غم، کسی شے سے رغبت یا اس سے نفرت، کسی شے سے خوف یا خطر یا کسی پر قہر یا غضب، غرض جو خیال ہمارے دل میں ہو، اس کے بیان سے وہی اثر ہو، وہی جذبہ، وہی جوش سننے والوں کے دلوں پر چھا جائے جو اصل مشاہدے سے ہوتا ہے''۔ (۱)

درج بالا اقتباس سے یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ آزاد استعارے کو برا جانتے تھے اور نہ یہ کہ وہ اردو یا مشرقی شاعری کو کم تر سمجھتے تھے۔ آزاد تو خود استعارے کے بغیر لقمہ نہیں توڑتے تھے۔ یقیناً نئی شاعری کی تحریک کے پس منظر میں نوآبادیاتی فکر بھی کارفرما ہو گی لیکن اصل مسئلہ یہ تھا کہ اردو شاعری

کا کلاسیکی علامتی و استعاراتی نظام اپنی معنویت گم کر چکا تھا اور نئی زندگی کے تخلیقی اظہار پر قدرت نہیں رکھتا تھا۔ اس پر مستزاد یہ کہ شاعروں کی اکثریت اسی پرانے استعاراتی و علامتی نظام میں غزل گوئی میں مصروف تھی۔ اگرچہ داغ اور ان کے ہم عصر شاعروں کی شاعری کے نئے تجزیات سامنے آ چکے ہیں اور ہندوستان کے تہذیبی، سیاسی اور معاشرتی پس منظر میں ان کی نئی معنویت دریافت کی جا چکی ہے لیکن اس کے باوجود آج ہم اس بات کو زیادہ گہرائی سے سمجھ سکتے ہیں کہ اس شاعری کی تاثیر کہاں گم ہوئی۔ یہ بات درست ہے کہ آزاد نے ان مسائل کو اتنی وضاحت سے بیان نہیں کیا لیکن اس کا جو حل تجویز کیا، اس سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ اردو شاعری کی لفظیات اور استعارات و علامات میں توسیع و اضافے کے آرزومند تھے۔

> ''ہمیں چاہیے کہ اپنی ضرورت کے بموجب استعارہ اور تشبیہہ اور اضافتوں کے اختصار فارسی سے لیں، سادگی اور اظہارِ اصلیت کو بھاشا سے سیکھیں لیکن پھر بھی قناعت جائز نہیں کیوں کہ اب رنگ زمانے کا اور ہے۔ ذرا آنکھیں کھولیں گے تو دیکھیں گے کہ فصاحت و بلاغت کا کارخانہ کھلا ہے جس میں یورپ کی زبانیں اپنی اپنی تصانیف کے گلدستے، ہار طرے ہاتھوں میں لیے حاضر ہیں اور ہماری نظم خالی ہاتھ الگ کھڑی منہ دیکھ رہی ہے۔''(۲)

آزاد کلاسیکی اردو غزل کے بجائے موضوعاتی نظم کو اردو میں رائج کرنا چاہتے تھے لیکن وہ اردو شاعری میں موضوعاتی واسلوبیاتی تبدیلیوں کی راہ بھی ہموار کر رہے تھے۔ اگرچہ الطاف حسین حالی بھی نئی شعری ہیئتوں کی بات کرتے ہیں لیکن مقدمۂ شعر و شاعری میں انھوں نے غزل کے حوالے سے ۱۸۹۳ء میں جو تنقیدی نکتہ نظر دیا، غزل کی تنقید اس سے بہت کم باہر جا سکی ہے، خاص طور پر صنف غزل پر اعتراض کرنے والے نقاد، اس صنف کے خلاف حالی سے زیادہ دلائل نہیں لا سکے۔ حالی نے غزل پر جو اعتراضات کیے، انھیں کے الفاظ میں درج ذیل ہیں۔

۱۔ ''غزل میں......کوئی خاص مضمون مسلسل بیان نہیں کیا جاتا بلکہ جدا جدا خیالات

الگ الگ کی بیتوں میں ادا کیے جاتے ہیں۔‘‘

۲۔ ’’غزل کی حالت فی زمانہ نہایت ابتر ہے۔ وہ محض ایک بے سود اور دوراز کار صنف معلوم ہوتی ہے......الفاظ میں صنعت اور خیالات میں رکاکت وسخافت یوماً فی یوماً بڑھتی جاتی ہے۔‘‘

۳۔ ’’غزل میں اعلیٰ درجہ کا شعر ایک یا دو سے زیادہ نہیں نکل سکتا۔ باقی بھرتی ہوتی ہے۔‘‘

۴۔ ’’اگلے شعرا شترگربگی کی کچھ پرواہ نہ کرتے تھے۔‘‘

۵۔ ’’ہمارے لٹریچر میں ضائع لفظی کی لے بڑھتے بڑھتے آخر کار محض الفاظ پرستی باقی رہ گئی اور معنے کا خیال بالکل جاتا رہا۔‘‘

۶۔ ’’ردیف اور قافیہ کی گھاٹی خود دشوار گزار ہے تو اس کو اور زیادہ کٹھن اور ناقابلِ گزر بنانا انھیں لوگوں کا کام ہوسکتا ہے جو معنے سے کچھ سروکار نہیں رکھتے اور شاعری کا مآل محض قافیہ پیمائی سمجھتے ہیں۔‘‘

۷۔ ’’لکھنو میں متاخرین نے سادگی اور صفائی کا غزل میں بہت کم خیال رکھا ہے۔‘‘(۳)

حالی نے غزل کی خامیوں پر کم بات کی اور ان کی اصلاح پر زیادہ توجہ دی۔ ان کا خیال تھا کہ اردو ادب کی جملہ اصناف میں غزل کو یہ فوقیت حاصل ہے کہ وہ ہندوستان کے باشندوں کے مزاج میں زیادہ دخیل ہے۔ اگرچہ وہ ایسی صنف سخن کو وقت کی ضرورت سمجھتے تھے جو تسلسل اور ربط کے ساتھ خیالات بیان کرسکتی ہو لیکن غزل کو بھی ناگزیر سمجھتے تھے، اس لیے ان خامیوں کو دور کرنا چاہتے تھے جنھوں نے غزل کو محدود کردیا تھا۔ غزل کی ریزہ خیالی اس کے مزاج کا لازمہ تھی، اس لیے وہ اسے تو قبول کرتے ہیں لیکن دیگر خامیوں کو دور کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ انھوں نے غزل کی اصلاح کے لیے چار مشورے دیئے جن میں سے تین کا تعلق موضوع اور ایک کا تعلق اسلوب کے ساتھ ہے۔

> ’’یہ صحیح نہیں ہے کہ جو خیالات اگلوں نے زمانہ کے اقتضا سے یا جذبات کے جوش میں ظاہر کیے ہیں، ہم بھی وہی راگ گاتے رہیں اور انھیں کے خیالات کا اعادہ کرتے رہیں۔ نہیں بلکہ ہم کو چاہیے کہ اپنی غزل کو خود اپنے خیالات اور

اپنے جذبات کا آرگن بنائیں۔''(۴)

موضوع کو وسعت دینے کے ساتھ انھوں نے زبان کو وسعت دینے کی بات بھی کی۔ ان کا خیال تھا کہ زبان کو آہستہ آہستہ نیچرل طریقے سے تبدیل کرنا چاہیے کیوں کہ یکلخت نامانوس الفاظ انسانی طبائع قبول نہیں کرتے۔

''یہ ممکن ہے کہ کسی قوم کے خیالات میں دفعتاً ایک نمایاں ترقی اور وسعت پیدا ہو جائے مگر زبان میں دفعتاً وسعت پیدا نہیں ہو سکتی بلکہ نامعلوم طور پر بیان کے اسلوب آہستہ آہستہ اضافہ کیے جاتے ہیں۔ سلسلۂ سخن میں نئے اسلوب جہاں تک ممکن ہو کم اختیار کیے جائیں اور غیر مانوس الفاظ کم برتے جائیں مگر نامعلوم طور پر رفتہ رفتہ اُن کو بڑھاتے رہیں۔''(۵)

حالی نئی لسانی تشکیل کی بات ہی نہیں کرتے بلکہ اس کے لیے اصول بھی مہیا کرتے ہیں۔ یہاں وہ انسانی نفسیات سے گہری آگاہی کا اظہار کرتے ہیں۔ یہاں مجھے ڈاکٹر سجاد باقر رضوی کی بات یاد آرہی ہے جو انھوں نے راشد کی شاعری کا تجزیہ کرتے ہوئے لکھی تھی کہ راشد مانوس اور نامانوس لفظوں کے امتزاج سے اپنی شعری فضا تشکیل دیتے ہیں جس کی وجہ سے ان کے قاری میں خوشگوار حیرت پیدا ہوتی ہے۔ مسرت نہ بالکل نامانوسیت میں ہے اور مانوسیت میں۔ شاعر مانوس اور نامانوس کو ملا کر ایک نئی ترکیب ایجاد کرتا ہے۔ یہی تخلیقی عمل ہے۔ ساٹھ کی دہائی میں اردو ادب میں افتخار جالب کی لسانی تشکیلات نے جو توڑ پھوڑ کی اور جس شدت سے اسے رد کیا گیا، اس کے بعد حالی کی رائے اور بھی صائب معلوم ہوتی ہے۔

حالی کے بعد جس نقاد کی غزل پر آرا نے اردو دان طبقے کو چونکایا، وہ کلیم الدین احمد ہیں۔ ان کا فقرہ، ''غزل نیم وحشی صنف سخن ہے''، آج بھی ادبی منظر نامے میں گونجتا محسوس ہوتا ہے۔ اگرچہ ڈاکٹر انور سدید کی تحقیق کے مطابق یہ بھی ان کا اپنا نہیں ہے بلکہ جارج سنتیانا سے مستعار ہے لیکن غزل کے شاعر اور قاری پر یہ وار کلیم الدین احمد نے ہی کیا ہے۔ انھیں اردو غزل پر جو اعتراضات ہیں، انہی کی

زبانی سنیے:

۱۔ ''اردو شاعری کے ایک بڑے حصے میں خیال بندی اور قافیہ پیمائی کے سوا کچھ نہیں۔''

۲۔ ''اردو شاعری نے فارسی کے سائے میں پرورش پائی...... فارسی بحور اور قواعد عروض کی تقلید تو لازمی تھی، تعجب یہ ہے کہ ان بحور اور قواعد میں کبھی کسی کو تغیر یا اضافہ کا خیال بھی نہ ہوا۔ اسی افتادِ طبع کا نتیجہ تھا کہ مختلف بندشیں اور سارے مضامین بھی فارسی سے اخذ کر لیے گئے۔''

۳۔ ''غزل میں بعض خیالات محذوف ہیں۔ اشعار کی ترتیب بے ترتیب ہے۔ دماغ کو ایک شعر سے دوسرے شعر تک گزرنے میں رکاوٹ محسوس ہوتی ہے۔ یہاں ایک مکمل تجربہ نہیں البتہ مختلف تجربوں کے ٹکڑے ہیں۔''

۴۔ ''غزل کے شعروں میں اور یہ شعر کسی رنگ کے کیوں نہ ہوں، کوئی ربط نہیں ہوتا۔''

۵۔ ''غزل سے قطع نظر اگر ہر شعر کو ایک مکمل نظم تصور کیا جائے تو شعر پر بھی نیم وحشی صنف سخن ہونے کا الزام عائد ہوگا۔ شعر مفرد کے مختصر پیمانے میں کسی پیچیدہ جذباتی یا تخیلی تجربے کے سمانے کی گنجائش نہیں۔''

۶۔ ''اکثر اعلیٰ و ادنیٰ شعر ایک جگہ اکٹھا ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے طبیعت منغّض ہو جاتی ہے۔''(۶)

اگر غور کیا جائے تو کلیم الدین احمد نے غزل پر جتنے بھی اعتراضات کیے ہیں، ان سے پہلے حالی مقدمۂ شعر و شاعری میں زیادہ بہتر لب و لہجے اور استدلال کے ساتھ کر چکے تھے۔ صرف وہی نہیں بلکہ نظم طباطبائی ہوں یا عظمت اللہ خاں، سب نے انھی اعتراضات کا اعادہ کیا ہے۔ ہر معترض کا اسلوب اپنا اپنا ہے لیکن کوئی بھی حالی سے زیادہ گہرائی میں جا کر غزل کے نقائص بیان نہیں کر سکا۔ حالی کا کمال یہ ہے کہ وہ غزل کے محاسن بھی بیان کرتے ہیں اور اس کی اردو ادب میں ناگزیریت سے بھی آگاہ ہیں۔ حالی نے قصیدہ، مرثیہ کو رد کیا اور اردو مثنوی سے مطمئن نہ ہونے کے باوجود اس کے امکانات و اصلاح پر لکھا۔ کلیم الدین احمد **اردو شاعری پر ایک نظر** میں اس حوالے سے بھی ان

کے ہم خیال نظر آتے ہیں۔ عظمت اللہ خاں مسدس اور مثنوی کو بھی رد کرتے ہیں۔ ان کے مضمون ''اردو شاعری'' کا اصل موضوع غزل کا استرداد ہے جس کا نقطۂ عروج ان کا یہ فقرہ ہے جو کلیم الدین احمد کے جملے جتنا ہی معروف ہے:

> ''اب وقت آ گیا ہے کہ خیال کے گلے سے قافیہ کے پھندے کو نکالا جائے اور اس کی بہترین صورت یہ ہے کہ غزل کی گردن بے تکلف اور بے تکان مار دی جائے''۔ (۷)

غزل پر ایک نیا اعتراض آل احمد سرور نے کیا۔ ان کا خیال تھا کہ اردو کے تخلیق کاروں کے مزاج پر غزل کو تصرف حاصل ہے اور دیگر اصناف ادب پر بھی اس کے گہرے اثرات ہیں۔ ہم اشاروں میں سوچنے کے عادی ہو گئے ہیں جس کی وجہ سے طویل بیانیہ ہمارے ہاں کم ہے۔ ہم Cleche میں سوچنے اور بات کرنے کے عادی ہو گئے ہیں جس کی وجہ سے بے معنویت کا شکار ہیں۔

> ''مجھے اس کا احساس ہے، غزل کی وجہ سے ذہنی پراگندگی کو ترقی ہوتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہمارے یہاں بڑی نظمیں اور ناولیں کم ہیں، غزلیں اور افسانے زیادہ ہیں۔ مجھے اس کا بھی اعتراف ہے کہ غزل کی بیشتر علامات اب اتنی پامال ہو چکی ہیں کہ ان میں تازگی باقی نہیں رہی۔ پھر یہ بھی ہے کہ غزل کی وجہ سے آدمی ساری عمر اشاروں میں باتیں کرتا ہے اور شارٹ ہینڈ بولتا ہے، اسے تفصیل، وضاحت، تعمیر کے حسن سے بالکل مس نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے نظم کے شاعر تک نظم کے نام سے غزلیں لکھتے ہیں۔ وہ نظم کے پلاٹ، ترکیب اور منتہائے خیال کو جانتے ہی نہیں''۔ (۸)

لیجیے، سرور صاحب نے ہمیں اپنی خامیوں اور عیبوں کا جواز فراہم کرنے کا گُر سکھا دیا ہے۔ اب ہم کہہ سکتے ہیں کہ ۱۹۵۸ء میں ایوب خاں نے مارشل اس لیے لگایا کیوں کہ غزل نے ہمیں

انفعالی رویے دیئے، ۱۹۷۱ء میں مشرقی پاکستان اس لیے الگ ہوا کیوں کہ غزل کا ہر شعر الگ اکائی ہوتا ہے اور انفرادی طور پر پنپنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ضیاء الحق نے اسلام کے نام پر گیارہ سال گزار دیئے کیوں کہ اقبال نے غزل میں عربی روایات کا احیاء کرنے کی کوشش کی۔ہم گزشتہ ساٹھ سال سے قرضوں پراس لیے گزارا کر رہے ہیں کیوں کہ غزل نے بھی فارسی سے عروض وعلامات قرض لی ہیں۔ یہ تو خیر جملہء معترضہ ہوا۔سرور کا بنیادی نظریہ قابل توجہ ہے کہ مجموعی ادبی فضا، ہر صنف ادب پر اثر انداز ہو رہی ہوتی ہے لیکن سرور صاحب کے عہد تک طویل نظم یا ناول کی کمی کی وجہ غزل یقیناً نہیں ہے کیوں کہ جس زمانے میں سرور صاحب یہ مضمون لکھ رہے تھے، اُس وقت تک چالیس ہزار سے زائد صفحات پر مشتمل داستان امیر حمزہ لکھی جا چکی تھی، سرشار فسانۂ آزاد لکھ چکے تھے جنھیں مختصر نویسی قرار نہیں دیا جاسکتا۔اسی طرح نظم میں بھی سینکڑوں ہزاروں اشعار پر مشتمل طویل مثنویاں بھی لکھی جا چکی تھیں۔سرور صاحب کا عہد نظم اور ناول کا ابتدائی دور تھا۔ابتدائی دور میں معیار ومقدار دونوں ہی کم ہوتے ہیں۔آج نہ اردو میں طویل نظم کی کمی ہے، نہ اعلیٰ درجے کے ناولوں کی۔وقت کے ساتھ ان اصناف میں ہونے والے ارتقائی عمل نے معیار و تعداد دونوں میں اضافہ کیا ہے حالانکہ غزل آج بھی سرور صاحب کے عہد سے بھی زیادہ تعداد میں لکھی جا رہی ہے۔

ترقی پسندوں کو غزل رجعت پسند صنف نظر آئی جس میں نہ انقلاب کی گھن گرج ہے، نہ مزدور کے مسائل، بس تصوف کا راگ ہے جو انفعالی ذہن پیدا کر رہا تھا۔غزل جاگیرداری دور کی یادگار تھی جو بادشاہوں اور امراء کے ذہنی تعیش کا ذریعہ تھی۔وہ تو اللہ بھلا کرے سجاد ظہیر کا جنھوں نے ابتدا ہی سے یہ خناس تندمزاج نوجوان ترقی پسندوں کے ذہن سے نکالا اور غزل کو ان کے بے پایاں عتاب سے بچالیا۔

> ''لچر گوئی کو صرف غزل کے ساتھ منسوب کرنا، اس کے ساتھ بڑی ناانصافی ہو گی۔نظم گو شاعر جن میں ترقی پسند شاعر بھی شامل ہیں، اس میدان میں بلاشبہ غزل گویوں کے شانہ بشانہ دوڑ رہے ہیں''۔(۹)

سجاد ظہیر اور کچھ دیگر ترقی پسند نقادوں کی کاوشوں سے غزل پر ہونے والا یہ اعتراض تو رفع ہوا اور تقریباً تمام ہی ترقی پسند شاعروں نے خوب دھوم دھام سے غزل میں طبع آزمائی کی لیکن مذکورہ بالا تمام اعتراضات کی گونج آج بھی سنائی دیتی رہتی ہے۔ آج بھی کسی نہ کسی کو ہوک اٹھتی ہے اور وہ غزل کے پیچھے دوڑ پڑتا ہے۔ بجائے اس کے کہ نظم گو اعلیٰ درجے کی نظمیں لکھیں، ناول و افسانہ نگار اعلیٰ درجہ کا فکشن تخلیق کریں، اپنی نااہلی اور تخلیقی بنجر پن کا غصہ غزل بیچاری پر اتارتے رہتے ہیں۔ میں معذرت خواہ ہوں کہ غزل کے لیے بے چاری کا لفظ استعمال کیا کیوں کہ غزل تو آج بھی پورے کروفر اور جلال و جمال کے ساتھ اردو ادب کی مجلس میں رونق افروز ہے۔ آج بھی غزل گو شاعروں کی تعداد دیگر تمام اصناف ادب سے فزوں ہے۔ معیار کی افراط و تفریط کی شرح بھی ان سے کچھ زیادہ فرق نہیں ہے۔ جتنے فی صد بے ہودہ اور لغو نظم گو اردو رسائل و جرائد کی زینت بنتے ہیں، غزل گو شعراء کا تناسب بھی تقریباً وہی ہے لیکن غزل پر عتاب کا جو سلسلہ ۱۸۵۷ء کے بعد شروع ہوا، آج تک جاری ہے۔ آخر اس کی کیا وجوہات ہیں؟ یہ نہیں کہ غزل پر ہونے والے تمام اعتراضات ناقابل اعتنا ہیں اور بدنیتی پر مبنی ہیں۔ نہیں ــــــ ایسا بالکل نہیں ہے۔ ان میں سے کچھ اعتراضات بغرضِ اصلاح کیے گئے، کچھ قبل از وقت تھے اور کچھ کو سمجھنے میں ناقدین سے تسامح ہوا۔ بہر حال ان اعتراضات سے غزل کو نقصان کچھ بھی نہیں ہوا بلکہ بے پناہ فوائد حاصل ہوئے۔ غزل کی وہ تہذیب جو ۱۸۵۷ء میں برباد ہوئی، اسے نئی بنیادوں پر قائم کرنے کے لیے پیش رفت ہوئی۔ غزل پر جو اعتراضات کیے گئے ہیں، ان کو نکات کی شکل میں یوں بیان کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ غزل قافیہ پیمائی ہے، تُک بندی ہے۔

۲۔ غزل کی زبان، استعارات و علامات اپنے عہد کو بیان کرنے سے قاصر ہیں (جس زمانے میں یہ اعتراضات کیے گئے یعنی انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں)

۳۔ زبان و بیان میں سادگی و صفائی نہیں ہے۔

۴۔ غزل فارسی شاعری کے اثر میں قید ہے۔

۵۔ اس میں ریزہ خیالی ہے۔ اشعار میں ربط نہیں ہوتا۔ ایک ہی غزل میں مختلف و متضاد موضوعات بیان ہوتے ہیں۔ دو مصرعوں میں بڑا موضوع نہیں سمیٹا جاسکتا۔

پہلے تین اعتراضات کا تعلق موضوع اور اسلوب سے ہے۔ پہلے ان کا جائزہ لیتے ہیں، ان اعتراضات کا زمانی دائرہ ۱۸۶۷ء سے ۱۹۲۴ء تک پھیلا ہوا ہے۔ اگر اس دور کی غزل کا جائزہ لیا جائے تو یہ تمام اعتراضات بجا معلوم ہوتے ہیں۔ داغ و امیر مینائی ہوں، عناصر اربعہ (جگر، اصغر، حسرت، فانی) یا لکھنوی شاعر (عزیز لکھنوی، صفی لکھنوی، ثاقب لکھنوی وغیرہ) تمام شاعر کلاسیکی اردو غزل کی زبان اور علامتی و استعاراتی نظام میں شعر کہہ رہے تھے۔ ان کی شاعری میں نہ کوئی نیا پن نظر آتا ہے، نہ گہرائی، نہ اسلوبیاتی تنوع ہے نہ موضوعاتی۔ یہ تقریباً تمام ہی مشاعرہ باز شعرا ہیں اور اپنے کنوئیں کے قیدی۔ اس سارے دور میں حالی، اکبر، یگانہ اور فراق کل چار شاعر ایسے نظر آتے ہیں جنھوں نے غزل کی نئی تہذیب کی راہ ہموار کرنے میں کاوش کی۔ باقی شعراء بدلتی ہوئی زندگی کو اپنی شاعری میں سمونے سے قاصر نظر آتے ہیں۔ حسرت کی غزل میں کہیں کہیں سیاسی مسائل نظر آتے ہیں لیکن مجموعی طور پر یہ غزل بھی مشق سخن ہی ہے۔ حالی نے غزل کی اصلاح کے لیے جو تجاویز مقدمہ شعر و شاعری میں پیش کیں، اُن پر عمل بھی کر کے دکھایا۔ اس کو شاعری کے بجائے ماڈل قرار دینا زیادہ درست ہوگا لیکن ان کی اس کاوش کے دور رس اثرات مرتب ہوئے۔ اکبر الٰہ آبادی نے طنز و مزاح کا اسلوب اختیار کیا تو صرف غزل کا لب و لہجہ ہی تبدیل نہیں ہوا بلکہ اس کی لفظیات اور موضوعات بھی بدل گئے۔ اکبر بڑے شاعر نہ سہی (ہر شاعر بڑا شاعر ہوتا بھی نہیں ہے) لیکن حالی و اکبر کی کوششوں کو اقبال جیسا شاعر میسر آیا۔ اگرچہ فراق اور یگانہ طویل غزلیں لکھنے والے شاعر ہیں اور ان کی شاعری میں قافیہ پیمائی کا عیب نظر آتا ہے لیکن انھوں نے اپنے دور کی یبوست زدہ فضا میں اپنی اپنی کھڑکی کھول کر اسلوب کے نئے امکانات دریافت کیے۔ دونوں متضاد لب و لہجے کے شاعر ہیں اور مستقبل کی اردو غزل کی دو جہتوں کی نشاندہی کرنے والے ہیں۔ یہ چاروں عظیم شاعر نہیں ہیں لیکن بہت اچھے اور دیر تک زندہ رہنے والے شاعر ضرور ہیں۔ ان تمام شاعروں کی کاوشوں کا نقطۂ عروج اقبال کی

شاعری ہے۔ اقبال تک آتے آتے اردو غزل نے بالآخر وہ اسلوب دریافت کرلیا جو نئی تہذیب ـــــــ ہندوستانی تہذیب کے ساتھ برطانوی تہذیب کے اختلاط سے بننے والی نئی ہند برطانوی تہذیب ـــــــ کو بیان کرنے کی قدرت رکھتا تھا۔ اس نئی تہذیب کی سیاست، معاشی نظام، ثقافتی مظاہر اور معاشرتی اقدار گزشتہ تہذیب (ہند اسلامی تہذیب جو صدیوں کے تعامل سے ہندوستانی تہذیب کا درجہ اختیار کر چکی تھی) سے منفرد تھیں۔ غزل نے ہندوستان میں آکر یہ دوسرا دور دیکھا۔ اس کی ابتدائی جھلکیاں غالب کے آخری دور کی شاعری میں نظر آتی ہیں۔ اقبال نے اپنے ہم عصروں سے زیادہ غالب سے اپنے دور کے اسلوب کی تشکیل میں رہنمائی حاصل کی لیکن متذکرہ بالا چار شعراء کی شعوری و غیر شعوری کاوشیں بھی اقبال کے اسلوب کے پس منظر میں صاف نظر آجاتی ہیں۔ اقبال نے اگرچہ کل ۱۱۰ غزلیں کہیں لیکن اقبال کی شاعری کا گہرا مطالعہ کرنے والا قاری آسانی سے سراغ لگا لیتا ہے کہ اس کی شاعری میں معمولی تبدیلیوں کے ساتھ سب سے زیادہ استعمال ہونے والے ہیئت غزل ہے۔ اقبال تک غزل کے ارتقاء میں یقیناً نظم گوئی کے اثرات بھی نظر آتے ہیں اور خود اقبال کی غزل پر ان کی اپنی نظم گوئی کے اثرات بہت واضح ہیں لیکن یہ اثرات اتنے ہی ہیں جتنے ایک صنف دوسری صنف پر مرتب کرسکتی ہے۔ اقبال کے بعد اردو غزل اس مخصوص لسانی فضا اور علامتی و استعاراتی پیرایے سے باہر نکل آئی ہے جس کی وجہ سے وہ چند مخصوص موضوعات میں مقید ہو کر رہ گئی تھی۔ اب غزل کے تیسرے چوتھے پانچویں یا سوویں درجے کے شاعر کی شاعری دیکھ کر ان اعتراضات کی تکرار یقیناً کسی صاحب فہم کو زیب نہیں دیتی۔ صنف غزل کسی بھی تیسرے یا سوویں درجے کے شاعر کے قول و فعل کی ذمہ دار نہیں ہے۔ دیگر تمام اصناف ادب کی طرح اسے بھی اپنے وہی تخلیق کار عزیز ہیں جو اس کے لیے جگر خون کرتے ہیں، مصیبت اٹھاتے ہیں، راتوں کو جاگتے ہیں، علم حاصل کرتے ہیں، اکتساب کرتے اور ریاض کرتے ہیں۔ ہر ایرے غیرے کے جرائم کا ذمہ دار اس پاک دامن کو قرار دینا غیر ادبی ہی نہیں، غیر علمی ہی نہیں، غیر انسانی فعل بھی ہے جو پچھلے چار سو سال سے تسلسل کے ساتھ اردو ادب کی آبرو کی واحد محافظ ہے۔ بیشتر قدیم اصناف قصۂ پارینہ ہو

چکیں اور جدید اصناف ادب تو سوسوا سوسال کا قصہ ہیں۔

غزل پر یہ اعتراض کہ وہ فارسی غزل کے زیر تسلط رہی ہے، غزل کی پوری ساخت سے عدم واقفیت کو ظاہر کرتا ہے۔ دیگر اعتراضات کی طرح، اس اعتراض کا اعادہ بھی بار بار کیا گیا ہے۔ یہ اعتراض بعض شعراء کے فارسی آمیز اسلوب اور مجموعی طور پر غزل کے سرسری مطالعہ کا نتیجہ ہے۔ غزل کی روایت کی تشکیل کا نصف سے زائد دور مقامی اثرات اور مقامی اصناف خصوصاً گیت اور دوہے کی روایت کے زیر اثر نظر آتا ہے۔ غزل کی ہیئت فارسی ادب کے اثر سے اردو میں رائج ضرور ہوئی اور ایرانی غزل کے لسانی و استعاراتی اثرات بھی اس پر مرتب ہوئے لیکن ہندوستان کی مقامی زبانوں اور ادب کے اثرات بھی اس پر مساوی طاقت سے مرتب ہوئے۔ گیت کے اثرات ابتدائی اردو غزل پر نمایاں ہیں۔ آہستہ آہستہ گیت کا مزاج غزل میں ضم ہوتا چلا گیا اور یوں اردو غزل فارسی غزل اور ہندی گیت کے امتزاج سے متشکل ہوئی۔ آج بظاہر غزل پر گیت کے اثر نمایاں نہیں ہیں بلکہ اس کی ساخت میں مستور ہیں لیکن اگر اردو غزل فارسی غزل سے منفرد ہے تو اس کی ایک اہم وجہ گیت کی غزل کی ساخت میں شمولیت بھی ہے۔ گیت کی روایت غزل کی روایت پر آہنگ اور مزاج دونوں صورتوں میں اثر انداز ہوئی۔ اگرچہ اردو غزل کا عروضی نظام بھی فارسی غزل سے اردو میں آیا لیکن اردو غزل نے اس عروضی نظام کو من وعن قبول نہیں کیا بلکہ مقامی شعری آہنگ کو اس میں شامل کر کے ایک بالکل نیا آہنگ حاصل کیا۔ بعض ہندی بحور کی اردو غزل میں شمولیت اس کے علاوہ ہے۔ اس نئے آہنگ کو عین ممکن ہے کوئی ماہر عروض زیادہ بہتر عروضی دلائل سے ثابت کر سکتا ہو۔ مجھ ایسا کم فہم صرف اس تبدیل شدہ آہنگ کو محسوس کر سکتا ہے جو دونوں زبانوں میں واضح طور پر مختلف محسوس ہوتا ہے۔ ایک ہی بحر کی اردو اور فارسی غزلوں کو اکٹھا پڑھ کر اس انفرادیت کا اندازہ باآسانی لگایا جا سکتا ہے۔ موجودہ دور تک آتے آتے تو اردو عروض میں اس قدر اضافے ہو چکے ہیں کہ اب اسے محض فارسی عروض کہنا حقیقت کے خلاف نظر آتا ہے۔ گیت نے اردو غزل کے مزاج کو بھی فارسی غزل کے مزاج سے مختلف کیا ہے۔ گیت ہندوستان میں حسن وعشق کے بیان اور ہجر کے حوالے سے درد، ملال،

تاسف، احساس زیاں، تکلیف، پریشانی، مصیبت، عذاب، اضطراب اور درد سے منسلک ایسی بے شمار کیفیتوں کے اظہار کی زبان رہی ہے۔ گیت کے توسط سے یہ کیفیات غزل کے مزاج کا لازمہ قرار پائی ہیں۔ تغزل کو عام طور پر موضوع یا لفظیات سے منسلک کیا جاتا ہے لیکن فی الاصل اردو غزل کا تغزل ان کیفیات کے مرہون منت ہے۔ موضوع کچھ بھی کیوں نہ ہو، الفاظ چاہے کوئی بھی ہوں، اگر ان کیفیات میں سے کسی کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے تو ایسے شعر کو تغزل سے عاری قرار نہیں دیا جاتا چاہے وہ نظم کا شعر ہی کیوں نہ ہو۔ صرف ایک مثال سے میں اپنی بات کی وضاحت کروں گا۔

آگ بجھی ہوئی ادھر ، ٹوٹی ہوئی طناب اُدھر
کیا خبر اس مقام سے گزرے ہیں کتنے کارواں

نہ یہ شعر غزل کا ہے، نہ موضوع اور نہ لفظیات لیکن ملال کی کیفیت نے اسے تغزل کی مثال بنا دیا ہے۔ اردو غزل تو غزل، نظم کے بے شمار شعر، مصرعے اور لائنیں اسی تغزل کا اظہار بن جاتی ہیں۔ گیت کی ہندی آمیز فضا، عورت کا عاشق ہونا اور دیگر کچھ خصائص ظاہری ہیں اور آسانی سے شناخت ہو جاتے ہیں لیکن گیت کی روح یعنی اس کی موسیقی اور درد جس طرح غزل کا حصہ بنے ہیں، وہ فارسی غزل سے بالکل مختلف ہے۔ یہ نہیں کہ فارسی غزل دردمندی سے تہی ہے لیکن وہ اس غزل کا لازمی حصہ نہیں ہے۔ اردو غزل میں بات تصوف کی ہو، اخلاقیات کی ہو، فلسفہ ونفسیات کی ہو یا معاشرتی و انقلابی موضوعات کی، یہی ایک خصوصیت شعر کو غزل کا شعر بناتی ہے اور غزل کا اسلوب وضع کرنے میں بنیادی محرّک کا کام دیتی ہے۔ یہ تو اردو غزل کا ہندوستان کی سرزمین سے باطنی ربط ہے۔ ظاہری طور پر بھی لفظیات، ضرب الامثال، محاورات، تشبیہات، استعارات اور علامات کی سطح پر بھی اردو غزل نے مقامی ذخیروں سے بے پناہ فیض حاصل کیا ہے۔ یہ موضوع الگ مضمون ہی نہیں مضامین کے مجموعے بلکہ مجموعوں کا متقاضی ہے۔ یہ نہیں کہ ایسا کام نہیں ہوا۔ **اردو شاعری کا مزاج، اردو غزل اور ہندوستانی ذہن و تہذیب اور قدیم دکنی شاعری میں مشترکہ کلچر** ایسی ہی کتابیں ہیں جن میں اردو شاعری اور خصوصاً غزل کے خالص ہندوستانی عناصر کی نشاندہی کی گئی

ہے۔ ان کتابوں کا انداز مدلل اور مثالیں ٹھوس اور کلاسیکی اردو شاعری سے اخذ کی گئی ہیں۔ ان کا مطالعہ کرنے کے بعد قاری آسانی سے پتہ چلا لیتا ہے کہ اردو غزل ابتدا ہی سے کسی درجہ مضبوطی کے ساتھ مقامی تہذیب کے ساتھ منسلک ہو گئی تھی۔

اردو غزل پر آخری اعتراض کا تعلق غزل کی ہیئت کے ساتھ ہے۔

غزل پر یہ اعتراض کہ دو مختصر مصرعوں میں حیات و کائنات کے بڑے مسائل و معاملات کو بیان نہیں کیا جا سکتا، امر واقعہ کے خلاف ہے۔ اردو غزل میں ایسے اشعار کم از کم سینکڑوں کی تعداد میں ہیں، جن میں حیات و کائنات کے عظیم ترین موضوعات کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ اعتراض سب سے زیادہ تندی کے ساتھ کلیم الدین احمد نے کیا اور ستم ظریفی کہ اس کا جواب بھی خود دیا اور ماننے سے انکار کر دیا۔ یہ ایک نسبتاً طویل اقتباس ہے لیکن اس پہلو کی وضاحت کے لیے ناگزیر ہے۔ انھوں نے یہ بحث ایک شعر کی تشریح کرتے ہوئے مثال کے طور پر درج کی ہے۔

ادب لاکھ تھا پھر بھی ان کی طرف
نظر میری اکثر بہکتی رہی

''اس شعر کا مطلب سمجھنے کے لیے دنیائے تغزل سے واقفیت ضروری ہے۔ اردو غزلیں اور جو خیالات ان میں ملتے ہیں، وہ ہمارے شعور میں اس شعر یا کسی شعر کی عقبی زمین کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اگر یہ عقبی زمین موجود ہے تو پھر شعر کا مفہوم نہایت آسانی سے سمجھ میں آ جائے گا۔ شاعر کسی پر عاشق تھا۔ وہ معشوق کا ادب کرتا تھا۔ ایک روز کسی جگہ کسی محفل میں وہ معشوق کے دیدار سے شاد کام ہوا۔ اسے پاسِ ادب تو بہت تھا لیکن عشق کے ہاتھوں مجبور! وہ بار بار اسے دیکھا کیا۔ اس سے بے ادبی مقصود نہ تھی۔ نظر کا بہکنا عشق کے زور اور حسن یار کی کشش کا نتیجہ تھا۔ اس تشریح سے یہ مطلب نہیں کہ کسی شعر کا مفہوم سمجھنے میں دیر ہوتی ہے یا اس کے لیے غیر معمولی ادراک یا بصیرت کی ضرورت ہوتی ہے۔

نہیں؛ عقبی زمین ہمارے شعور میں موجود رہتی ہے اس لیے مطلب فوراً ذہن نشین ہو جاتا ہے لیکن پھر بھی پوری تسکین نہیں ہوتی۔ اس شعر میں گو ایک غیر متعلق واقعہ کی ترجمانی کی گئی ہے۔ شعر کی صورت ناقص اور تکمیل کی محتاج ہے، صورت کے ساتھ ساتھ نفسِ واقعہ یا تجربہ بھی تکمیل کا محتاج ہے۔ اسے دوسرے تجربوں کے ساتھ ترکیب دے کر کسی حسین، قیمتی اور پیچیدہ نقش کی تخلیق نہیں کی گئی۔ اس شعر سے یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ اس شاعر کی جذباتی دنیا میں کیا اہمیت ہے اور اس نئے تجربے نے موجودہ تجربوں کی ترکیب و ترتیب میں کیا تغیر و تبدل کیا۔ یہاں صرف ایک اضطراری کیفیت کا بیان ہے جس کی غرض و غایت سے شاعر کو کوئی بحث نہیں۔ اس لیے شعرِ مفرد بھی نیم وحشی صنف شاعری ہے۔''

غزل، ایسے مضامین کو جنھیں نظم کا شاعر طویل نظم میں یا نثر نگار پورے مضمون میں بیان کرتا ہے، دو مصرعوں میں بیان کرنے پر قادر ہے۔ کلیم الدین احمد بھی سمجھتے ہیں کہ ایسا اس علامتی واستعاراتی نظام کی وجہ سے ممکن ہوتا ہے جس سے غزل کا قاری بخوبی آگاہ ہوتا ہے اور جس کی وجہ سے وہ شعر پڑھ کر ہی اس کی موضوعاتی وسعتوں کو محسوس کرنا شروع کر دیتا ہے۔ پھر یہ کہ علامتی پیرایہ ہونے کی وجہ سے غزل کا مفہوم وقت اور حالات کے بدل جانے سے بدل جاتا ہے۔ یہ غزل کی خاص صفت ہے۔ اس کی وجہ سے غزل کی شاعری سے صرف غزل کی تہذیب سے آشنا ذہن ہی لطف اندوز ہو سکتا ہے۔ شاعری کا ترجمہ ویسے ہی ناممکن خیال کیا جاتا ہے، غزل کا اور بھی ناممکن کہ اس کی موضوعاتی وسعت ترجمہ سے غارت ہو سکتی ہے۔ کلیم الدین احمد نے اس کا ایک اور نقصان بھی بتایا ہے۔

غزل مغربی ادب میں پھل پھول نہ سکی۔ اس کی خاص وجہ وہی بے ربطی اور پراگندگی ہے جسے غزل کا طرہ امتیاز سمجھا جاتا ہے۔ (۱۱)

ترجمہ نہ ہو سکنے کے باعث غزل کے شاعر کے بین الاقوامی شاعر بننے کے امکانات معدوم ہو

جاتے ہیں، اس حوالے سے رشید احمد صدیقی نے کیا خوبصورت کہی ہے:

> ''غزل کے بارے میں ایک دلچسپ بات یہ بیان کی جاتی ہے کہ غزل کا شاعر عالمی شاعر نہیں بن سکتا۔ سوال یہ ہے کہ غزل گو یا کسی شاعر کے لیے عالمی شاعر ہونا لازمی کیوں ہو؟ غیر منقسم ہندوستان کافی بڑا ملک تھا۔ اب بھی اس کا رقبہ کچھ کم نہیں لیکن ٹیگور کے علاوہ کتنے اور شاعر عالمی قرار پائے۔ عالمی شاعر ہونا یقیناً فخر کی بات ہے لیکن اتنا بھی نہیں، اگر کوئی شاعر عالمی نہ ہو تو اس کی شاعری ناقابلِ التفات قرار پائے...... غالب، انیس، اکبر، حالی، اقبال وغیرہ عالمی شاعر ہوئے بغیر اردو کے باکمال اور یگانہ روزگار شاعر ہیں''۔ (۱۲)

غزل کی ''ریزہ خیالی اور پراگندگی'' بھی غزل کے بنیادی مزاج کا حصہ ہیں۔ غزل اپنی بنیاد میں ایک ایسی صنف ادب ہے جو مخلوط تہذیب سے متشکل ہوئی، اس لیے موضوعاتی اختلاط واختلاف اس کی باطنی قوت ہے۔ ایران میں یہ اس دور میں پیدا ہوئی جب عرب تہذیب ایرانی تہذیب سے مل کر نئی ایرانی تہذیب تخلیق کر رہی تھی۔ غزل کی ابتداً تشبیب کے طرز پر یک موضوعاتی یا یک کیفیاتی رہی لیکن جوں جوں نئی ایرانی تہذیب مستحکم ہوتی گئی، غزل کی ''ریزہ خیالی اور پراگندگی'' بڑھتی گئی۔ جس طرح قدیم ایرانی تہذیب اور خالص عرب تہذیب اپنی الگ شناخت بھی رکھتی ہیں اور نئی ایرانی تہذیب میں شامل ہو کر ایک نئی ساخت میں ضم بھی ہو گئی ہیں، اسی طرح غزل کا شعر اپنی علیحدہ پہچان بھی رکھتا ہے جس کا غزل سے کوئی تعلق نہیں ہوتا اور غزل کی کلّی ساخت کا حصہ بھی ہوتا ہے۔ غزل کو یہی صورت حال ہندوستان میں بھی پیش آئی۔ یہاں بھی اسلامی تہذیب، جو پہلے ہی نئی ایرانی تہذیب کی صورت میں عرب ایرانی تہذیب کا اختلاط تھی، ہندوستان کی مقامی تہذیب سے مل کر ہند اسلامی تہذیب کی صورت میں جلوہ گر ہوئی۔ جس طرح ایرانی تہذیب میں عرب تہذیب شامل تھی، اسی طرح ہندوستانی تہذیب بھی کئی تہذیبوں کے ہزاروں سالہ ملاپ کا نتیجہ تھی اور اپنے اندر متعدد تہذیبوں کی خوشبو لیے ہوئے تھی۔ اس پیچیدہ ترکیب میں ہر تہذیب اپنی طاقت کے ساتھ الگ وجود

رکھتے ہوئے نئی تہذیب کا حصہ بنی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ غزل کے مزاج میں آغاز سے وسیع المشربی اور انجذاب کی قوتیں شامل ہو گئیں۔ غزل اپنی موضوعاتی اور اسلوبیاتی ساخت میں ہی وسیع المشرب نہیں ہے بلکہ اپنی ہیئت میں بھی یہی آزادگی اور فراخی لیے ہوئے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مقامی اور ایرانی ادب کی بے شمار اصناف میں سے صرف غزل کو ہی ہند اسلامی تہذیب کی نمائندہ صنف ہونے کا اعزاز حاصل ہوا۔

غزل کے خلاف گزشتہ کچھ عرصے میں جتنے بھی اعتراض وارد کیے گئے ہیں، وہ یا تو انہی اعتراضات کی تکرار ہیں یا محض فیشن کہ غزل کے خلاف بات کرنا ہمارے ادبی فیشن کا لازمہ ہو گیا ہے۔ پہلے نظم والے اس کے خلاف لکھتے تھے، اب ماشاءاللہ فکشن والے بھی ان کے حصے دار ہو گئے ہیں۔

غزل خود پر ہونے والے اعتراضات کو غور سے سنتی ہے۔ لغو اعتراضات کو نظر انداز کر دیتی ہے لیکن ہمدردانہ مشوروں کا احترام کرتی ہے اور اپنے اندر ضروری تبدیلیاں پیدا کر لیتی ہے۔ غزل کی یہ روش اس کے زندہ وجود کی ضامن ہے۔ غزل کے شاعروں نے ہر دور میں اس صنف کو اپنے عہد کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا ہے۔ اس کا سفر آگے کی طرف جاری ہے۔ متعدد شاعر خلوص دل سے اپنی کاوشوں میں مصروف رہتے ہیں، پھر ایک بڑا شاعر آ کر ان تمام کاوشوں کو کام میں لاتے ہوئے غزل کا وہ اسلوب دریافت کر لیتا ہے، جو اسے ہر اظہار پر قدرت عطا کر دیتا ہے۔ موجود عہد میں غزل ہند برطانوی تہذیب سے پاک امریکی تہذیب کے تشکیلی مراحل سے گزر رہی ہے۔ ابھی نہ ہمارے عہد کی تہذیبی صورت مستحکم ہے اور نہ غزل نے اپنا نیا علامتی و استعاراتی نظام دریافت کیا ہے جو نئے تہذیبی، معاشرتی، سیاسی و معاشی مسائل و معاملات کو سمیٹ سکتا ہو۔ ابھی اردو غزل، اردو شاعری، اردو ادب اور پاکستانی معاشرے کے سامنے بہت سے سوال بکھرے پڑے ہیں۔ ابھی ہمیں اپنے بنیادی سوال کو منتخب کرنا ہے۔ اگر ہم نے اپنا بنیادی مسئلہ دریافت کر لیا تو یقیناً ہماری غزل، ہماری شاعری، ہمارا ادب اور ہماری زندگی اپنی منزل کا تعین کرنے کے قابل بھی ہو سکے گی۔

حوالہ جات

۱۔ محمد حسین آزاد، نظم آزاد، مرتبہ: تبسم کاشمیری، مکتبہ عالیہ لاہور، ص: ۴۵

۲۔ ایضاً، ص: ۴۵

۳۔ الطاف حسین حالی، مقدمہ شعر و شاعری، شیخ مبارک علی تاجران کتب لاہور، ۱۹۲۹ء، ص: ۱۵۶، ۱۵۶، ۹۸۔۱۹۷، ۲۳۰، ۲۳۲، ۱۹۹۔

۴۔ ایضاً، ص: ۱۷۴

۵۔ ایضاً، ص ۲۰۴، ۲۰۲

۶۔ کلیم الدین احمد، اردو شاعری پر ایک نظر، بک ایمپوریم پٹنہ بھارت، ۱۹۸۵ء، ص: ۴۴، ۵۶، ۵۵، ۶۳، ۶۴، ۷۴، ۱۴۲

۷۔ عظمت اللہ خاں، سریلی بانسری، اردو اکیڈمی سندھ، کراچی، ۱۹۵۹ء، ص: ۴۶

۸۔ بحوالہ اردو شاعری پر ایک نظر، ص: ۱۲۲

۹۔ سجاد ظہیر، مضامین سجاد، اتر پردیش اردو اکادمی لکھنو، ۱۹۷۹ء، ص: ۱۶

۱۰۔ کلیم الدین احمد، اردو شاعری پر ایک نظر، ص: ۷۷۔۷۶

۱۱۔ ایضاً، ص: ۶۹

۱۲۔ بحوالہ اردو شاعری پر ایک نظر، ص: ۱۲۴

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 34, Sr.No.90, 2013 pp 23 - 34

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد۳۴،جنوری۔مارچ ۲۰۱۳ء،شمارہ ۹۰

چراغ حسن حسرت اور صحرائے صحافت کا سفر

مرغوب حسین طاہر☆

Abstract:

Chiragh Hassan Hasrat is one of the most prominent literary figures of sub continent. He rendered some very important services to Urdu journalism as well. In this article family background of Hasrat, the obstacles he faced specially during this earlier age, his professional carrier with emphasis on journalistic on career has been discussed in detail. Some traces of personal life have also been mentioned. Some of his writing have also being included.

Key Words: Chiragh Hassan Hasrat, Family background, Professional career, Journalism.

کشمیر کے ایک قصبہ میں پرائمری سکول کا استاد تین میل دور اپنے گاؤں سے اسکول آتا تو آٹے کی ایک بوری بھی لاد کر لے آتا، تدریس سے فارغ ہو کر آٹا بیچتا، تنخواہ اور آٹے کی آمدنی سے اپنا، اپنے بہن بھائیوں اور اپنی والدہ کا خرچ پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس استاد کا نام چراغ حسن اور تخلص حسرت تھا۔

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اُردو، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

حسرت کا تعلق ایک نومسلم گھرنے سے تھا۔ ان کے دادا کی پونچھ میں جاگیر تھی لیکن اسلام قبول کر لینے کی وجہ سے ڈوگرہ قانون کے مطابق اس جاگیر کا کوئی حصہ حسرت کے والد بدرالدین کو نہ مل سکا اور انھوں نے اسلام کی دولت پر قناعت کی اور فقر کو بھی فخر جانا۔

والد کے معاشی حالات ایسے نہ تھے کہ حسرت کسی مدرسے میں باقاعدہ تعلیم حاصل کرتے لیکن فیضانِ نظر اور مکتب کی کرامت کا امتزاج والد کی تربیت میں حسرت کو حاصل ہوا۔ حسرت کے والد اردو اور فارسی زبان کے شاعر بھی تھے اس لیے فارسی زبان و ادب اور شعرگوئی کا چسکا شروع ہی سے پڑ گیا لیکن آلام و مصائب مشاہیر کی تربیت آسمانی کا ایک لازمی جزو محسوس ہوتے ہیں۔ عام طور پر مصلحین، مبلغین اور بیشتر ادیب و شعراء اوائل عمری ہی سے آزمائشوں کا شکار رہے ہیں۔ قدرت جنھیں ایسے کاموں کے لیے منتخب کرتی ہے، ان کی زندگی ابتداء ہی سے ایسی امتحان گاہ بن جاتی ہے جہاں قدم قدم پر آزمائش کے مرحلوں سے گزرنا پڑتا ہے، صعوبتوں سے نبردآزما ہونا پڑتا ہے اور اس آگ کے دریا کو تیر کے پار کرنا پڑتا ہے۔

حسرت بھی نو دس برس کے ہوں گے کہ والد کا انتقال ہوگیا۔ تربیت کی ذمہ داری ان کے نانا حسن علی نے سنبھالی جو پیشہ کے لحاظ سے وکیل تھے لیکن فارسی زبان میں شعر کہتے اور ادب کا سلجھا ہوا ذوق رکھتے تھے۔ حسرت ان کی شخصیت سے بہت متاثر تھے لیکن حسرت کی عمر بارہ تیرہ برس ہوئی تو اس مربّی کا پیمانۂ عمر بھی لبریز ہوگیا اور غیر رسمی تعلیم کا یہ سلسلہ بھی ختم ہوگیا۔

والدہ، دو بہنیں، دو بھائی اور خود حسرت — اس خاندان کی کفالت کی ذمہ داری حسرت کے کاندھوں پر پڑی تو تلاشِ رزق کے مرحلوں سے شناسائی کا آغاز ہوا۔

پونچھ جیل میں کلرک کی ایک اسامی پر تقرری ہوئی لیکن یہ ملازمت زیادہ دیر برقرار نہ رہی اور کشمیر ہی کے ایک گاؤں میں گھر سے تین میل کے فاصلے پر اسکول میں مدرّسی کی ملازمت ملی لیکن یہ بھی زیادہ عرصہ نہ چل سکی۔ اب حسرت نے شملہ کا سفر کیا اور وہاں ایک اسکول میں اردو اور فارسی کے استاد مقرر ہوگئے۔ یہاں پر باقاعدہ تحصیل علم کا شوق بھی پورا ہوا اور انھوں نے منشی فاضل، ادیب

فاضل، میٹرک اور ایف۔اے کے امتحان پاس کیے مگر گریجویشن کا امتحان شدید خواہش کے باوجود نہ دے سکے۔ تلاش رزق کے سفر میں ایسی خواہشات کی قربانی قدم قدم پر دینا پڑتی ہے۔

۱۹۲۵ء میں شملہ کی ملازمت چھوٹی تو حسرت نے مدرّسی کے پیشہ کو خیر باد کہہ دیا (۱) اور اب ایک نئی کائنات اور نئی دنیا کے سفر کا آغاز ہوا۔ یہ دنیا صحافت کی دنیا تھی۔ حسرت کلکتہ آئے اور ''عصر جدید'' میں پہلے نائب مدیر اور پھر مدیر کے فرائض ادا کیے لیکن اس کی ادارت چھوڑ کر ایک ماہنامہ ''آفتاب'' شراکت میں جاری کیا۔ (۲) پہلا آفتاب طلوع ہوا تو تمام مضامین حسرت کے اپنے تحریر کردہ تھے۔ بعد میں مشاہیر کا قلمی تعاون بھی حاصل رہا لیکن عسرت وافلاس کی وجہ سے یہ آفتاب بہت جلد غروب ہو گیا تو حسرت نے ''نئی دنیا'' کا رخ کیا اور اخبار میں انھوں نے دو کالم لکھنا شروع کیے۔ ''کلکتہ کی باتیں'' وہ کوچہ گرد اور ''نئی دنیا''، ''کولمبس'' کے قلمی نام سے لکھتے۔ (۳)

ان کالموں سے چراغ حسن حسرت کی شہرت دور دور تک پھیل گئی اور ابوالکلام آزاد، مولانا ظفر علی خان اور مولانا محمد علی جوہر جیسی یکتائے زمانہ اور نابغۂ روزگار شخصیات آپ کی مداح ہو گئیں۔

مولانا ابوالکلام نے دوسری مرتبہ ''الہلال'' نکالا تو ایک روزنامے کا اجراء بھی کیا۔ اس کا نام ''پیغام'' تھا۔ ابوالکلام نے اس کی ادارت کے لیے حسرت کو منتخب کیا۔ یہ اخبار مہینہ بھر چل سکا لیکن حسرت اس کے ساتھ مہینہ بھر بھی نہیں چل سکے لیکن یہاں ابوالکلام کی شخصیت کے سحر میں ایسے گرفتار ہوئے کہ تمام عمر ان کی عظمت کا اعتراف کرتے رہے۔

کچھ عرصہ کے لیے ''جمہور'' سے تعلق قائم ہوا لیکن وہ بھی زیادہ عرصہ نہ چل سکا۔ اس اثنا میں زمیندار کا کالم ''افکار وحوادث'' بھی عبدالمجید سالک کے ساتھ ہی انقلاب کی نذر ہو گیا۔ ظفر علی خاں نے حسرت کو لاہور بلایا اور ۱۹۲۸ء میں انھیں زمیندار میں فکاہیات کا کالم ملا۔ یہاں ظفر علی خاں جیسی شخصیت کی صحبت میں کام کرنے کا موقع ملا لیکن یہ بھی منزل نہ تھی، پڑاؤ تھا چنانچہ ختم ہوا۔

چراغ حسن حسرت نے ایک تجربہ کیا اور ''انصاف'' کے نام سے ایک ایسا پرچہ جاری کیا جس میں مدیر سے چپراسی تک سب اخبار کی ملکیت میں شریک تھے۔ نتیجہ وہی تھا جو ایسے تجربات کا ہو

سکتا تھا۔

اب چراغ حسن حسرت کو سید امتیاز علی تاج والے ادارے ''دارالاشاعت'' میں ملازمت مل گئی۔ یہاں انھوں نے بچوں کا ''پھول'' اور خواتین کا ''تہذیب نسواں'' ایڈٹ کیا۔ یہ ملازمت سکون اور خوش حالی کا پیغام لائی اور تقریباً چھے سال کا عرصہ یہاں گزرا لیکن روزانہ صحافت کے کوہِ ندا سے بلاوے کی صدا کو نظرانداز کرنا حسرت کے بس میں نہ رہا تو وہ اس محفل سے رخصت لے کر روزنامہ ''احسان'' کی طرف آ گئے اور فکاہیہ کالم ''مطائبات' سندباد جہازی کے قلمی نام سے لکھنا شروع کیا اور یہ نام ان کے اصلی نام سے بھی زیادہ قارئین میں مقبول ہوا۔

۱۹۳۴ء سے ۱۹۳۷ء کا عرصہ ''احسان'' میں گزرا۔ اس دوران میں حسرت نے ایک علمی وادبی مگر نہایت شگفتہ انداز کا ہفتہ روزہ ''شیرازہ'' کے نام سے جاری کیا۔ اس میں حسرت نے اداریے، کالم، نظمیں اور مضامین سبھی کچھ لکھا مگر پھر اس ہفتہ روزہ کا شیرازہ بکھر گیا (۴) اور حسرت نے ''احسان'' کا بار بھی سر سے اتار کر چند رفقاء کے اشتراک سے ''شہباز'' کا اجراء کیا اور اس کی اڑان میں رفعت پیدا کرنے کے لیے اس میں کالم لکھنے لگے۔ احرار نے تحریک کشمیر کا آغاز کیا اور سول نافرمانی کی تحریک شروع کی تو حسرت نے مجلس احرار کے اخبار ''احرار'' میں اپنی فکری اور تخلیقی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے۔

تحریک ختم ہوئی تو رسالہ احرار سے حسرت ایک مرتبہ پھر زمیندار میں آ گئے اور کالم نویسی کا سلسلہ جہاں سے چھوڑا تھا، وہیں سے دوبارہ شروع کر دیا مگر اپنی وضع کو نہ چھوڑا اور ایک مرتبہ پھر استعفیٰ دے کر اخبار کو چھوڑ دیا اور کچھ عرصے کے لیے ''نیشنل کانگرس'' کے مدیر رہے۔

اب زندگی کی ایک اور جہت کا آغاز ہوتا ہے، ایک نئے سفر کا در وا ہوتا ہے اور حسرت ۱۹۳۹ء میں دلی کے ریڈیو اسٹیشن میں ملازم ہو جاتے ہیں اور ایسا ذخیرہ الفاظ مرتب کرتے ہیں جو سنسکرت اور فارسی کے اثرات سے آزاد ہو۔ یہ ملازمت ۱۹۴۱ء تک جاری رہتی ہے۔ اس کے بعد حکومت پنجاب کے زیرِ انتظام شائع ہونے والے ''پنچایت'' کے مدیر بنتے ہیں۔ دوسری عالم گیر جنگ

کے دوران میں وہ فوج کے شعبۂ تعلقات عامہ سے وابستہ رہے جہاں ہیڈ کوارٹر سے شائع ہونے والے عسکری اخبارات کی ادارت اور نگرانی کا فریضہ ان کے سپرد تھا۔ اسی فوجی ملازمت کے دوران میں دو سال کے لیے سنگاپور بھی گئے جہاں سید ضمیر جعفری ان کے ماتحت تھے۔ سید ضمیر جعفری نے ''سنگاپور کا میجر حسرت'' کے عنوان سے حسرت کا جو خاکہ تحریر کیا ہے۔ اس میں اسی قیام سنگاپور کی بعض یادوں کو تازہ کیا ہے۔

سنگاپور سے واپس آ کر ۱۹۴۶ء میں فوج کی ملازمت سے بھی استعفیٰ دے دیا۔ (۶)

اب چراغ حسن حسرت قیام کا ارادہ کرتے ہیں۔ انھیں کشمیر اور خاص طور پر پونچھ کے دریاؤں اور قدرتی مناظر سے عشق تھا، چنانچہ وہیں ایک قطعہ اراضی خرید کر مکان بنواتے ہیں۔ ۱۹۷۶ء میں اپنی نادر و نایاب کتب کا ذخیرہ بھی وہیں منتقل کر دیتے ہیں تاکہ فراغت کے لمحوں میں سکون کے ساتھ کوئی علمی کام کر سکیں لیکن ملک تقسیم ہو جاتا ہے۔ حسرت کی حالت بقولِ شاعر وہی تھی:

کہ پھر کانوں میں آغازِ سفر کی گھنٹیاں گونجیں
ابھی تو آئے تھے ، دہلیز پر سامان رکھا تھا

حسرت سب کچھ چھوڑ چھاڑ لاہور آ گئے۔ میاں افتخار الدین نے ۴/ مارچ ۱۹۴۸ء کو ''امروز'' کا اجرا کیا تو ادارت حسرت کے ذمہ ہوئی۔ اخبار کی تزئین و آرائش میں جدت پسندی کا ثبوت دیا اور اسی اخبار میں ''حرف و حکایت'' کے عنوان سے کالم نویسی بھی جاری رہی لیکن ایک نائب مدیر کی برطرفی پر اپنے رفقا کے ساتھ امروز سے بھی علیحدگی اختیار کر لی۔ (۷)

حسرت کراچی چلے گئے۔ کچھ عرصہ ریڈیو میں پروگرام کی ایڈیٹنگ کی لیکن بعد میں ایک امریکن پبلشنگ کمپنی میں درسی کتابوں کے ترجمے کا کام کرنے لگے۔ یہ ملازمت مالی منفعت کے اعتبار سے بہت سودمند تھی لیکن ڈائریکٹر سے نہ بنی اور حسبِ عادت استعفیٰ دیا اور لاہور چلے آئے۔ (۸) یہاں روزنامہ نوائے وقت سے منسلک ہوئے لیکن امراضِ قلب حملہ آور ہوئے اور موت سے ۲۴ گھنٹے پہلے بھی حرف و حکایت لکھ کر ۲۶/ جون ۱۹۵۵ء میں داعی اجل کو لبیک کہا اور ایک نئے سفر کا آغاز ہوا۔

بقول میر:

موت اک ماندگی کا وقفہ ہے
یعنی آگے چلیں گے دم لے کر

شخصیت پر نام کا اثر بہت گہرا ہوتا ہے۔آپ نے غور کیا ہوگا کہ چراغ حسن حسرت کے قلمی نام کوچہ گرد، کولمبس اور سند باد جہازی سفر کے استعارے ہیں۔ یہ سفر حسرت کے خارج اور باطن میں مرحلہ وار جاری رہا۔ خارجی سفر کی داستان تو آپ کے سامنے آ گئی اور قلمی ناموں کی کرشمہ سازی آپ نے دیکھ لی مگر حسرت کا اصلی نام چراغ حسن تھا اور چراغ روشنی کی علامت ہے۔میتھیو آرنلڈ نے ادب کے حوالہ سے روشنی اور حلاوت کی جو بحث کی ہے(۹) اسے ذہن میں رکھیے تو حسرت کے باطنی سفر کے مرحلے بھی اجاگر ہوتے چلے جاتے ہیں۔انھوں نے قومی اور ملی موضوعات اور عوامی مسائل پر قلم اٹھایا۔اس طرح قوم کی فکری اور تہذیبی تربیت کرتے ہوئے ایک چراغ ہدایت کی صورت میں قلوب واذہان کو منور کیا اور ساتھ ساتھ اسلوب میں شگفتگی اور مزاح کی جس روایت کو اپنایا، وہ معاشرہ میں حلاوت اور شیرینی بانٹنے کا ذریعہ بنی۔شگفتگی کا عنصر کسی معاشرہ کے لیے خیر کی علامت ہوتا ہے اور شگفتہ تحریریں کسی قوم کی تہذیب ومعاشرت کی عکاس ہوتی ہیں۔ زوال آمادہ اقوام کی تاریخیں گواہ ہیں کہ ان کی تہذیب، معاشرہ اور ادب سے شگفتگی کا عنصر ختم ہو کر اس کی جگہ ابتذال، پھکڑ پن اور ہزل گوئی کے رویے ابھر آتے ہیں۔حسرت کے ہاں شگفتگی تحریر کا اصل جوہر ہوتی ہے۔مزاح کے مختلف حربے اس اسلوب خاص کے پیرایہ میں تخلیقاتِ حسرت کا روپ دھارتے ہیں۔''مطائبات'' میں ایک حکیم صاحب کے نام لکھا گیا خط ملاحظہ فرمایئے:

''حکیم صاحب قبلہ!

آپ کے دواخانہ کے روغن گیسودراز کی ایک شیشی ملی، اس کرم فرمائی کا شکریہ قبول فرمایئے۔
بس اس فکر میں ہوں کہ ذرا فرصت ملے تو آپ کی اس ایجاد پر بڑے زناٹے کا ریویو لکھوں۔
سچ تو یہ ہے کہ آپ کا یہ تیل بال اگانے میں لاجواب ہے۔تیل کا ہے کو ہے کرامات کہیے۔

آج میں نے تھوڑا سا تیل برش پر لگا کر دیکھا، کوئی پندرہ منٹ میں بال بڑھ کر گھوڑے کی دم جتنے ہو گئے اور سہ پہر تک ان کم بخت بالوں کی قوت نمو اتنی بڑھ گئی کہ زور کر کے برش کی دوسری طرف نکل گے۔ اچھنبے کی بات ہے کہ نہیں۔ آپ خاطر جمع رکھیے، مجھے فرصت ملی تو روغن گیسو دراز کی تعریف میں ایسا موافزا قصیدہ لکھوں گا کہ گنجا پڑھے تو سر پر خود بخود بال اگ آئیں'' (۱۰)

شگفتگی کا عنصر ہی ان کی تحریروں کی شناخت ہے جو ان کی بیشتر تحریوں میں چھایا ہوا نظر آتا ہے۔ حسرت نے جو مضمون لکھے ہیں، ان کی بھی اصل خوبی اسی خصوصیت کی مرہونِ منت ہے'' کیلے کا چھلکا اور دوسرے مضامین'' حسرت کے ایسے مضامین کا مجموعہ ہے جو بیشتر دوسری زبانوں مثلاً انگریزی، امریکی اور فارسی تحریروں کو اردو کے قالب میں ڈھالنے سے سامنے آیا ہے۔ دوسری زبانوں سے ماخوذ اور ترجمہ شدہ یہ تحریریں اپنے اسلوب کے حوالہ سے حسرت کی تخلیقی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ وہ ترجمہ کرتے ہوئے بھی اسلوب کی روانی، ہمواری اور شگفتگی کو اس طرح برقرار رکھتے ہیں کہ ترجمہ تخلیق کے قریب آ جاتا ہے۔ ایک مضمون'' لکڑی کی ٹانگ'' امریکی تحریر سے ماخوذ ہے۔ اس کا ایک اقتباس دیکھیے۔ سیاق وسباق یہ ہے کہ ایک لنگڑا اپنی لکڑی کی ٹانگ ایک بنیے لالہ بنواری لال کی دکان پر فروخت کرنا چاہتا ہے۔ لالہ جی اپنی دونوں صحت مند ٹانگوں کے ہوتے ہوئے اس ٹانگ کو خریدنے پر تیار نہیں لیکن سیلز مین کی دلیلیں اور حسرت کا اسلوب دیکھیے :

''ارے یار تم بھی کیا آدمی ہو، میری بات ابھی تک نہیں سمجھے۔ گوشت اور پوست کی اصلی ٹانگوں کا کیا ہے۔ لاکھوں کروڑوں ماری ماری پھرتی ہیں، کوئی ٹکے کو نہیں پوچھتا۔ ان سے تو لوگ اکتا گئے ہیں۔ جب دیکھو وہی دو ٹانگیں۔ تم عام لوگوں جیسے تھوڑے ہو۔ اگر مجھ میں تم اتنی خوبیاں ہوتیں تو میں ایک ٹانگ کٹوا کے لکڑی کی ٹانگ لگوا لیتا لیکن اگر تم ٹانگ کٹوانے پر روپیہ خرچنا نہیں چاہتے تو پاجامہ میں تھوڑی قطع برید کر کے یہ خوشنما ٹانگ یونہی لگا لو۔ کن کھجورا کیا ہے، زمین پر رینگنے والا ایک حقیر کیڑا، جانتے ہو کتنی ٹانگیں ہوتی ہیں اس کی، سو

سے کم کیا ہوں گی اور اگر انسان کی جسے ساری خدائی اشرف المخلوقات کہتی ہے، تین ٹانگیں ہوں تو کون سی آفت آجائے گی۔‘‘(۱۱)

چراغ حسن حسرت کو مذہب، تاریخ، فلسفہ، ادب اور شاعری جیسے موضوعات سے لگاؤ بھی تھا اور ان پر عبور بھی۔ مختلف تہذیبوں کے خدوخال اور ارتقائی مرحلوں پر بھی ان کی نظر تھی اور کسی قوم کے ارتقائی مرحلوں میں سماجی عوامل کی اہمیت بھی ان کی نظر میں مسلّم تھی۔ ان کا مطالعہ ہمہ جہت تھا۔ انھوں نے اقبال، ظفر علی خان اور ابوالکلام جیسے مشاہیر کی صحبت سے اکتسابِ فیض کیا تھا۔ اسلامیہ کالج کے سامنے عرب ہوٹل ہوا کرتا تھا۔ اس میں اور حسرت کے دفتر میں جو محفلیں جما کرتی تھیں، ان کے واقفِ حال گواہی دیتے ہیں کہ ان محفلوں میں حسرت کی گفتگو داستانوی، دیومالائی، تاریخی، ادبی اور مذہبی شخصیات اور کرداروں کے ذکر اور واقعات سے مرصع ہوتی اور ان کے ہمہ جہت اور وسیع مطالعہ کی غمازی کرتی۔ یہی عالمانہ وقار ان کی تحریروں میں بھی نظر آتا تھا۔ ان کی بعض تحریروں میں تلازمات اور مناسبات کا استعمال اس انداز میں ہوتا کہ جس علم، ہنر یا فن کا ذکر کرتے، اس کی اصطلاحوں اور باریکیوں کو یوں بیان کرتے کہ اس فن پر ان کی کامل دسترس کا یقین ہو جاتا۔ پتنگ بازی، طب اور جغرافیہ کی اصطلاحوں کا سہارا لے کر انھوں نے روزمرّہ کے عام اور سیاسی موضوعات کو آفاقی انداز میں پیش کیا ہے۔

حسرت کی ان تحریروں میں طنز و مزاح کے جوہر بھی موجود رہے ہیں۔ اسی حوالہ سے ڈاکٹر وزیر آغا اپنے مقالہ ’’اردو ادب میں طنز و مزاح‘‘ میں رقم طراز ہیں:

> ’’چراغ حسن حسرت کی طنز بے محابا ہے اور ان کے ترکش کے تیر سیاسی زندگی کی ہر ناہمواری کو اپنا نشانہ بنا لیتے ہیں۔ سیاسی زندگی کے علاوہ انھوں نے معاشرے کے بعض پہلوؤں اور عام زندگی کی کیفیت پر جو مضامین لکھے ہیں، وہ ادبی لحاظ سے بھی اہمیت رکھتے ہیں اور ان میں طنز و مزاح کا خوشگوار امتزاج موجود ہے۔‘‘ (۱۲)

ان کے کالم کا ایک اقتباس دیکھیے اور طنز کی باریکیوں کا لطف اٹھائیے:

''یہ بھی یاد رہے کہ جو لوگ قانون ساز مجالس کے ممبر بنتے ہیں، سکتری اور وزارت کے عہدوں تک جا پہنچتے ہیں، وہ فارسی نہیں پڑھتے، شعر نہیں سمجھتے اور ان میں بعض ایسے بھی ہوتے ہیں جو کچھ نہیں پڑھتے اور کچھ نہیں سمجھتے۔ پڑھیں اور سمجھیں تو تقریریں کیوں کر کرسکیں، سوالات کے جواب کیسے دے سکیں۔ دنیا میں بعض کاروبار ایسے بھی ہیں جنھیں خوش اسلوبی کے ساتھ چلانے کے لیے ان سے بے خبر ہونا ضروری ہے۔ ایک واقعہ یاد آ گیا کہ کسی اونچے گھرانے کے نوجوان نے ملازمت کی درخواست دی جس میں لکھا تھا کہ میں فلاں جاگیردار کا بیٹا ہوں، فلاں نواب صاحب میرے ماموں ہیں اور فلاں جج صاحب میرے چچا ہوتے ہیں۔ میرے پردادا ضلع کے حاکم تھے اور ان کے دادکو شاہی عہد میں پنج ہزاری منصب حاصل ہوا تھا۔ جس افسر کے پاس یہ درخواست پیش کی گئی، اس نے یہ کہہ کر درخواست واپس کر دی کہ ہمیں نسل کشی کے لیے نہیں بلکہ کلرکی کے لیے پڑھے لکھے نوجوانوں کی ضرورت ہے۔ سنا ہے کہ صاحبزادے کچھ عرصہ کے بعد اپنے صوبے کی اسمبلی کے ممبر ہو گئے۔''(۱۳)

چراغ حسن حسرت صرف مزاح نگار ہی نہیں تھے بلکہ ایک ذمہ دار صحافی بھی تھے اور مزاح نگار صحافی کی ذمہ داری خالص مزاح نگار سے اور سنجیدہ صحافی سے زیادہ ہوتی ہے کیونکہ مزاح نگار کے قارئین کا حلقہ منتخب اور محدود ہوتا ہے اور صحافی حقائق اور واقعہ نگاری کا پابند لیکن مزاح نگار صحافی کی اخبار بینوں کے عام حلقہ تک رسائی ہوتی ہے اور مزاح کے سہارے وہ واقعہ اور حقیقت سے آگے نکل کر تخیل کے دامن کو تھام لینے پر قادر ہوتا ہے۔ وہ لفظوں کے معانی کو تفہیم کی نئی وسعتوں سے شناسا کر دینے کا فن جانتا ہو تو اس کی تحریر میں پہلوداری اور تہ داری کی خصوصیات خود بخود پیدا ہو جاتی ہیں اور اس لحاظ سے چراغ حسن حسرت کی تحریریں ایک چراغ ہدایت کی حیثیت رکھتی ہیں۔

حسرت کو اپنی صحافتی ذمہ داریوں کا احساس رہتا ہے۔ قومی اور ملّی مفاد اور مسائل ان کا اصل موضوع بنتے ہیں۔ اس سلسلہ میں ان کی نظر حقائق پر بھی رہتی ہے لیکن وہ خواب بھی دیکھتے ہیں۔ تلخ حقائق سامنے آئیں یا خوابوں کی تعبیروں کے درمیان شخصیات رکاوٹ بنتی محسوس ہوں تو پھر حسرت کے انداز تحریر میں طنز کی وہ کاٹ پیدا ہوتی ہے جس کے وار سے بچنا محال ہوتا ہے۔ حسرت ذاتی تعلقات اور مفادات کو بالائے طاق رکھ کر مستانہ وار لکھتا ہے اور لکھتا چلا جاتا ہے۔ پھر ہدف دولتانے ہوں یا ممدوٹ، نون ہوں یا کوئی سر، وزیر ہوں یا امیر سب کے سب صحافی کے قلم کے سامنے جواب دہ نظر آتے ہیں—ایک ایسے قلم کے سامنے جو بکاؤ مال نہیں ہے، جو قوم کی، ملت کی اور عوام کی وکالت کرتا ہے۔ اسی لیے وہ صحافت کے تقدس کے قائل تھے۔ اسی دور میں انھیں اندازہ ہو گیا تھا کہ صحافت سے قوم کی ذہنی نشوونما کا فریضہ ادا کرنے والے کم ہوتے جا رہے ہیں اور تاجر پیشہ ذہنیت رکھنے والے ادھر آ رہے ہیں۔ چنانچہ شورش کو ایک خط میں لکھتے ہیں:

> ''اگر آپ کو فرصت ملے تو ''اس بازار میں'' کے نام سے بازارِ صحافت اور سیاست کے متعلق بھی ایک کتاب لکھ ڈالیے۔ اُس بازار میں جسم بکتے ہیں، اِس بازار میں روح کا نیلام ہوتا ہے، ایمان کا سودا چکایا جاتا ہے۔ پھر اس بازار میں نوگزے بھی ہیں، چوہدری بھی، نائکائیں بھی ہیں اور نوچیاں بھی، سپروائی بھی۔ یہاں بازارِ شیخوپوریاں بھی ہے۔ اس سے تو صحافت کی گلی نکلی ہے۔'' (۱۴)

آج اخبارات کی اور ہر اخبار میں کالموں کی بھرمار نظر آتی ہے۔ ہر بوالہوس حسن پرستی شعار کرلے تو آبروے شیوۂ اہلِ نظر بھی معرضِ خطر میں پڑ جاتی ہے۔ کالم نگاری ذاتی مخاصمتوں کی وجہ سے ایک دوسرے کے گریبان کی دھجیاں اڑانے اور پگڑیاں اچھالنے کا نام نہیں ہے اور نہ ہی کالم نگاری کو قصیدہ گوئی کی جدید نثری صنف کے طور پر استعمال کرنا قابلِ تعریف ہوسکتا ہے۔ چراغ حسن حسرت کے فکاہی کالم آج بھی نئے کالم نگاروں کے لیے ایک تربیتی ادارہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ڈاکٹر وزیر آغا کہتے ہیں:

''اردو اخبارات میں فکاہی کالم کا فروغ زیادہ تر مولانا عبدالمجید سالک اور مولانا چراغ حسن حسرت کی سعی کا رہینِ منت ہے اور یہ حقیقت ہے کہ اس سلسلہ میں ان دونوں لکھنے والوں نے جو معیار قائم کیا ہے، وہ آج بھی فکاہی کالم نویسوں کے لیے مثالی حیثیت رکھتا ہے۔'' (۱۵)

چراغ حسن حسرت کی تحریروں کی ایک اہم خوبی زبان و بیان کی رنگینیاں ہیں۔ حسرت کے لسانی شعور پر ایک الگ مضمون کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ جو زبان حسرت نے استعمال کی ہے، اس کے پیچھے عمر بھر کی ریاضت موجود ہے۔ عبدالمجید سالک نے مضامینِ حسرت کے دیباچہ میں لکھا ہے:

''زبان کی تحصیل میں حسرت نے خاص محنت کی، خصوصاً طلسم ہوش ربا، بوستان خیال اور فسانہ آزاد کو تحصیلِ زبان کے نقطۂ نظر سے از اوّل تا آخر پڑھا۔'' (۱۶)

یہی وجہ ہے کہ وہ مختلف علوم وفنون کو پس منظر بنا کر جب عارضی، وقتی اور لمحاتی موضوعات پر بھی قلم اٹھاتے ہیں تو انھیں وقیع اور معتبر بنا دیتے ہیں اور زبان و بیان کے معجزوں سے تحریر میں دائمی زندگی کی حرارت پیدا کر دیتے ہیں۔ اس بات کا رونا کہاں تک روییئے کہ قوم ان مشاہیر کو فراموش کرتی چلی جا رہی ہے جنھوں نے اس کی تہذیبی اور فکری شناخت کے خدوخال کا تعین کیا تھا اور اس راہ میں خونِ جگر صرف کیا تھا۔ حسرت بھی انھیں میں سے ہیں لیکن ابھی تک حسرت کے فن اور فکر پر ڈھنگ کا تحقیقی اور تنقیدی کام نہیں ہوا ہے اور یہ امر اہل فکر و دانش اور اہل تحقیق کے لیے لمحۂ فکریہ ہے۔

(یہ مضمون ۲۳ رجون ۲۰۰۰ء کو اکادمی ادبیاتِ پاکستان لاہور میں یومِ حسرت کے موقع پر پڑھا گیا۔)

☆☆☆☆

حوالہ جات

(۱) ظہیر بابر۔ چراغ حسن حسرت روزنامہ آفاق۔۶؍جولائی ۱۹۵۵ء

(۲) عبدالسلام خورشید، ڈاکٹر۔ چراغ حسن حسرت۔ روزنامہ مشرق، ۲۵؍جون ۱۹۶۴ء

(۳) روزنامہ نوائے وقت۔ ۲۹؍جون ۱۹۵۵ء

(۴) عبدالسلام خورشید، ڈاکٹر۔ چراغ حسن حسرت۔ روزنامہ مشرق، ۲۵؍جون ۱۹۶۴ء

(۵) ایضاً

(۶) ضمیر جعفری۔ اڑتے ہوئے خاکے۔ لاھور: کتاب خانہ، ص ۲۵۶

(۷) عبدالمجید سالک۔ یارانِ کہن۔ لاہور: مکتبہ چٹان، ص ۲۲۰

(۸) ظہیر بابر۔ چراغ حسن حسرت۔ روزنامہ آفاق، ۴؍جولائی ۱۹۵۵ء

(۹) سجاد باقر رضوی، ڈاکٹر۔ مغرب کے تنقیدی اصول۔ اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، طبع دوّم، ۱۹۹۴ء۔ ص ۲۶۷

(۱۰) چراغ حسن حسرت، مطائبات، ص: ۱۵۸

(۱۱) چقاغ حسن حسرت، کیلے کا چھلکا اور دوسرے مضامین، ص ۶۰-۶۱

(۱۲) وزیر آغا، ڈاکٹر۔ اردو ادب میں طنز و مزاح، لاہور: مکتبۂ عالیہ، طبع پنجم، ۱۹۸۷ء، ص: ۳۴۰

(۱۳) ایضاً ، ص: ۳۴۱

(۱۴) چراغ حسن حسرت،

(۱۵) وزیر آغا، ڈاکٹر۔ اردو ادب میں طنز و مزاح، ص: ۳۴-۴۱

(۱۶) عبدالمجید سالک، دیباچہ مشمولہ مضامین حسرت،

☆......☆......☆

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 34, Sr.No.90, 2013 pp 35 - 44

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد۳۴،جنوری۔مارچ ۲۰۱۳ء،شمارہ ۹۰

عہدِ ہجویری میں زوالِ علم وعرفان اوراس پر سیّد ہجویریؒ کی تنقید

ڈاکٹر شعیب احمد☆

ڈاکٹر احسان احمد☆☆

Abstract:

Sayyed Ali Hujveri commonly known as Data Ganj Bakhsh is one of the most important saints who traveled from modern day Afghanistan to Lahore in 5th century A.H. He actually lit the torch of Islam in the darkness of sub continent. He is author of Kashful Mahjub, the very first book written in Persian on Islamic mysticism any where in the world. This book is still considered the best writing on such topic. In this article the very first chapter of the book which discusses Ilm (Knowledge) has been analyzed.

Key Words: Sayyed Ali Hujveri, Kashful Mahjub, Chapter on Ilm (Knowledge)

تاریخِ تصوف کے ابتدائی دور میں کئی ایسے بابصیرت مصلحین ہوگذرے ہیں جنھیں بہت بروقت اور شدّت سے یہ احساس ہوگیا تھا کہ بدقسمتی سے اِس حلقۂ علم وعرفان میں نظری اور عملی سطحوں پر انحطاط پذیری کا آغاز ہوگیا ہے۔ بہت سے دنیا پرست لوگ اپنے حقیر مفادات کے حصول کے لیے صوفیانِ باصفا کی صفوں میں شامل ہوگئے ہیں اوران کے نا قابلِ قبول اندازِ فکر اور ناپسندیدہ طرزِ عمل نے تصوّف کے اُصول وفُروع میں نقب لگادی ہے اوراس کے بعض معمولات کو، ان کی

☆ اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ فارسی، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

☆☆ اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ فارسی، سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا

روح سے کاٹ کر، محض رسمیات کے غیر مطلوب دائرے میں مقیّد کر دیا ہے۔ اس صورتِ حال کے دو فوری نتائج مرتّب ہوئے جو بجا طور پر اخلاص و درد رکھنے والے صاحبانِ دل ونظر کے لیے تشویش و اضطراب کا باعث ہوئے۔ ایک تو یہ کہ سچّے صوفیہ کی اصل تعلیمات اور ان کے اُسلوبِ زندگی کے بنیادی خدّ وخال دھندلانے لگے، صحیح اور غلط افکار ونظریات آپس میں گڈ مڈ ہوتے گئے اور عوام وخواص کے لیے ان میں امتیاز مشکل تر ہوتا گیا۔ دوسرا نتیجہ یہ نکلا کہ دین دار اور سنجیدہ لوگ اُن نام نہاد صوفیوں کی غیر مستند باتیں اور غیر محتاط طور طریقے دیکھ کر یہ سمجھنے لگے کہ شاید مکتبِ تصوّف بنیادی طور پر یہی کچھ ہے اور اکابر صوفیہ کا فکر وعمل بھی ایسا ہی تھا۔ یوں وہ تصوّف اور صوفیۂ کرام سے بدظن ہونے لگے۔

یہ افسوس ناک صورتِ حال اہلِ تصوّف کے لیے خطرِ عظیم تھی۔ چنانچہ دین وعرفان کا درد محسوس کرنے والے صوفی حضرات نے اصلاحِ احوال کے لیے وسیع پیمانے پر تحریری وتقریری جدّ وجہد کا مصلحانہ سلسلہ شروع کیا۔ بلکہ تصوّف کے موضوع پر مبسوط کتب کی تالیف کا آغاز ہی اسی تحریک پر ہوا۔ ابونصر سرّاج طُوسی (م.۳۷۸ھ) کی کتاب **اللمع فی التصوّف**، ابوبکر کلاباذی (م.۳۸۰ھ) کی **التّعرف**، امام قشیری (م.۴۶۵ھ) کا رسالۂ **قشیریہ** اور حضرتِ سیّد علی بن عثمان ہجویری (م.۴۶۵ھ) کی **کشف المحجوب** اس سلسلے میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہیں۔ حضرت سیّد عبدالقادر جیلانی (م.۱۱۶۶ء) جیسے اَجلّ علماء و مشائخ کی تصانیف اور مَواعظ اور فارسی کے عظیم صوفی شاعروں حکیم سنائی غزنوی (م.۱۱۳۰ء) اور شیخ فرید الدّین عطّار نیشاپوری (م.۱۲۲۰ء) کی رجحان ساز تخلیقات بھی اسی تحریکِ اصلاح وتجدید ہی کے ذیل میں آتی ہیں۔

سیّدِ ہُجویرؒ اس طبقۂ مصلحین کے بانیوں میں سے ہیں۔ آپ کی شہرۂ آفاق کتاب **کشف المحجوب** تصوّف کے بنیادی نظریّات اور آداب ورسوم کا مستند دائرۂ معارف ہونے کے ساتھ ساتھ، آپ کے مجتہدانہ اندازِ فکر اور مصلحانہ اسلوبِ تجزیہ وتنقید کی بہترین دستاویز بھی ہے۔ سیّدِ ہجویرؒ نے **کشف المحجوب** میں کئی مقامات پر اپنے کچھ مشاہدات بیان فرمائے ہیں اور اپنے عہد میں علم وعرفان میں رونما ہونے والے انحطاط اور اخلاقی قدروں میں روز افزوں زوال کے بارے میں کچھ عمومی تبصرے بھی سپردِ قلم کیے ہیں۔ ان ارشادات سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ آپ عصری احوال واوضاع کا کامل ادراک رکھتے تھے، معاشرے کے مختلف طبقات میں در آنے والی تہ در تہ خرابیوں اور ان کے

گونا گوں اسباب وعلل سے کماحقہٗ آگاہ تھے، ان کے نتیجے میں پیدا ہونے والی فکری وعملی پراگندگی پر اخلاص اور دل سوزی سے رنجیدہ خاطر تھے، ہمہ جہت اصلاحی تدابیر پر غور وفکر فرماتے تھے اور تہِ دل سے یہ خواہش رکھتے تھے کہ اصلاحِ احوال کی دیرپا صورت نکلے۔ آپ نے نام نہاد علماء، صوفیہ اور مبلّغینِ اخلاق کی بے عملی، ریاکاری، دنیا پرستی، جاہ طلبی اور ہٹ دھرمی پر شدید تنقید کی ہے۔ سیّدِ ہُجویر کی یہ تنقید خُصُومت پر مبنی نہیں، سراسر اصلاحی اور تعمیری ہے، اس کا لب ولہجہ بھی معاندانہ نہیں، ہم درد انہ اور مشفقانہ ہے۔ آپ نے ان خرابیوں کی نشان دہی بھی کی، ان پر دلی رنج والم کا اظہار بھی کیا، ان کے مضمرات ونتائج کا ذکر بھی کیا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ان کے سدِّ باب کے لیے قابلِ عمل تجاویز بھی دیں۔ **کشف المحجوب** میں ایسے مقامات کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ سیّد ہجویر نہ صرف یہ کہ اپنے عہد اور معاشرے سے کٹے ہوئے نہیں تھے بلکہ انھیں گہری قوّتِ مشاہدہ اور تنقیدی وتجزیاتی بصیرت سے بھی بہرۂ وافر عطا ہوا تھا جس کا انھوں نے شایانِ شان استعمال بھی کیا۔ علامّہ اقبال نے آپ کے انھی اوصاف کے پیشِ نظر آپ کی اجتہادی اور تعمیری خدمات کو اِن الفاظ میں خراجِ عقیدت پیش کیا ہے:

عہدِ فاروق از جمالش تازہ شد　　　حق ز حرفِ او بلند آوازہ شد

پاسبانِ عزّتِ امّ الکتاب　　　از نگاہش خانۂ باطل خراب

اِس مبحث میں سیّدِ ہجویر کے اُن تاریخی ارشادات کو کلیدی اہمیت حاصل ہے جو آپ نے مقدّمۂ **کشف المحجوب** میں رقم کیے ہیں۔ فرماتے ہیں:

> ''جان لیجیے کہ آج کل کے زمانے میں علمِ تصوّف کی حقیقت باقی نہیں رہی، خاص طور پر اِس علاقے میں، جہاں سب لوگ نفسانی خواہشات میں مشغول ہیں اور خدا کی رضا کے راستے سے منہ موڑے ہوئے ہیں۔ وقت کے علماء اور زمانے کے دعوے داروں نے اس طریقت کی وہ صورت اپنا رکھی ہے جو اس کی اصل کے خلاف ہے .... ہر خاص وعام نے طریقت کی محض عبارت پر ہی قناعت کر لی ہے اور دل وجان سے اس کے حجاب کیخریدار بن گئے ہیں، معاملہ تحقیق سے نکل کر تقلید میں آن پڑا ہے، تحقیق نے ان لوگوں سے اپنا چہرہ چھپا لیا ہے۔

عوام تقلید ہی کو کافی سمجھنے لگے ہیں اور کہتے ہیں کہ ''ہم حق کو پہچانتے ہیں'' اور خواص اسی پر خوش ہوگئے ہیں کہ ان کے دل میں حق کی آرزو، نفس میں اس کا احساس اور سینے میں اگلے جہان کی رغبت ہے۔ وہ ناسمجھی سے کہتے ہیں کہ ''یہ دیدارِ الٰہی کا شوق اور محبت کا سوز ہے'' تصوّف کے دعوے دار تمام حقائق سے بے بہرہ رہ گئے، مریدوں نے مجاہدہ چھوڑ دیا اور اپنے ناقص گمان کو مشاہدہ کہنے لگے۔

مَیں نے اس سے پہلے بھی تصوّف کے موضوع پر کئی کتابیں لکھیں جو سب ضائع ہوگئیں۔ تصوّف کے جھوٹے دعوے داروں نے لوگوں کو پھانسنے کے لیے اُن میں سے بعض باتیں جال کی طرح پھیلالیں اور باقی کو دھو کر ضائع کر دیا...دوسرے گروہ نے انھیں ضائع تو نہ کیا مگر پڑھا بھی نہیں اور ایک اور گروہ نے انھیں پڑھا لیکن ان کے معانی نہ جانے۔ اس گروہ نے ان کی عبارتوں کو کافی جانا تاکہ اُنھیں لکھیں، یاد کریں اور کہیں کہ ''ہم معرفت و تصوّف کا علم بیان کرتے ہیں''۔ یہ لوگ خالص انکار کی حالت میں ہیں...

اس سے پہلے بھی علمِ تصوّف کے جاہلوں نے مشائخ کی کتابوں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا۔ جب اللہ کے رازوں کے وہ خزانے ان کے ہاتھ لگے تو انھوں نے ان کا مطلب نہ سمجھا۔ ان لوگوں نے وہ کتابیں ٹوپیاں سینے والے اَن پڑھوں اور بے لحاظ جلد سازوں کے حوالے کر دیں یہاں تک کہ انھوں نے اُن سے ٹوپیوں کے استر اور ابونواس کے دیوان اور جاحظ کی خرافات کی جلدیں بناڈالیں'' (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۱۱،۱۲)

سیّد ہجویر نے مندرجہ بالا اقتباس میں کس درجہ دل سوزی سے بعض نام نہاد صوفی گروہوں کے ناقص طرزِ عمل اور اس کے اسباب کا بیان فرمایا۔ اس سے یہ اندازہ بھی ہوتا ہے کہ عوام کی اکثریت نے سیّد ہجویر کی گراں قدر تصانیف اور متقدمینِ تصوّف کے آثار کے ساتھ کیا معاملہ کیا! ان محقّق صوفیہ کی تحقیقی کتابیں تقلیدِ محض کے دائروں میں گھومتے رہنے والوں کے ہاں بھلا کیا قدر و قیمت حاصل کر سکتی تھیں؟

اس کے فوراً بعد سیّدِ ہجویر بڑی حکیمانہ جامعیّت سے اپنے عہد کے طبقۂ علما وعرفا میں راہ پا جانے والی کچھ اخلاقی خرابیوں کا یوں ذکر کرتے ہیں:

''خداے بزرگ و برتر نے ہمیں ایسے زمانے میں پیدا کیا ہے جس کے لوگوں نے خواہشاتِ نفسانی کو شریعت کا نام دے رکھا ہے۔ یہ لوگ جاہ ومنصب اور تکبّر کی طلب کو عزّت وعلم سمجھتے ہیں، ریا کاری کو خوفِ الٰہی اور بغض وعداوت کو دل میں چھپا رکھنے کو بُردباری کہتے ہیں۔ دنگا فساد ان کے نزدیک مناظرہ ہے، باہمی جھگڑا اور بے وقوفی ان کے ہاں غیرت ہے۔ یہ لوگ منافقت کو زہد، فضول خواہشوں کو ارادت، طبیعت کی بیہودہ ابال کو معرفت، دل کے خیالات اور نفسانی وسوسوں کو محبتِ الٰہی، لادینی کو فقر، انکارِ حق کو برگزیدگی، بے دینی کو فنا، ترکِ شریعت کو طریقت اور اہلِ زمانہ کے فساد کو روحانی معاملہ قرار دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ صحیح اہلِ معرفت لوگ ان میں بالکل الگ تھلگ ہو کر رہ گئے ہیں اور ان لوگوں کی اکثریت نمایاں ہوگئی ہے'' (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۱۲)

عہدِ ہجویری میں طبقۂ صوفیہ کے عمومی اخلاقی انحطاط کا یہ منظر نامہ ہماری دینی وروحانی تاریخ کی ایک تلخ حقیقت ہے اور اربابِ دانش وبینش کے لیے لمحۂ فکریّہ بھی۔ سیّدِ ہجویر کو جس الم ناک صورتِ حال کا سامنا کرنا پڑا اور آپ نے اس ضمن میں جو تکلیف دہ مشاہدے کیے، بدقسمتی سے ان کا آغاز آپ سے ڈیڑھ دو سو برس پہلے سے ہی ہو چکا تھا۔ چنانچہ حضرت ابونصر سَرّاج طوسی نے **اللمع** میں اس صورتِ حال کا یوں ذکر کیا ہے:

''یاد رکھو آج کل بہت سے لوگ اس گروہ کے علوم میں دخل انداز ہو گئے ہیں اور ایسے لوگوں کی بھی کثرت ہو گئی ہے جو اپنی صورت اہلِ تصوّف کی سی بنا لیتے ہیں اور (اپنی گفتگو کے دوران) اسی علم کی طرف اشارہ کرتے ہیں (اور ان میں وہ لوگ بھی ہیں) جنھوں نے اہلِ تصوّف اور تصوّف کے مسائل سے متعلّق سوالات کے جوابات بھی دیے ہیں۔ ان میں سے ہر شخص نے ایک آدھ کتاب بھی اپنی طرف منسوب کر رکھی ہے جسے انھوں نے خوب صورت

انداز میں پیش کیا ہے۔ کچھ باتیں گھڑلی ہیں اور کچھ جوابات بھی بنا رکھے ہیں'' (طوسی،۱۹۸۶ء،۳۵)۔

سیّد ہجویر کے ایک ممتاز اور محترم ہم عصر حضرت ابوالقاسم قشیری بھی، جنھیں **کشف المحجوب** میں ''استاد امام'' اور ''زین الاسلام'' جیسے محترم القاب سے یاد کیا گیا ہے (ہجویری،۲۰۰۴ء،۲۵۳) اور جن کا رسالۂ قشیریہ **کشف المحجوب** کے اہم مصادر میں سے ہے، **رسالۂ قشیریہ** کے مقدمے میں، کتاب کا سببِ تألیف بیان کرتے ہوئے بالکل ایسے ہی افسوس ناک امور کی مفصّل نشان دہی کرتے ہیں:

''صوفیہ کی جماعت کے محقّقین تو بیشتر ختم ہو چکے ہیں اور اب صرف اُن کا نشان ہی باقی رہ گیا ہے ....طریقت میں خلا پیدا ہو گیا ہے، نہیں بلکہ درحقیقت طریقت مٹ چکی ہے۔جن شیوخ سے لوگ ہدایت پاتے تھے، گذر چکے ہیں اور اب وہ نوجوان بھی کم پائے جاتے ہیں جو اُن شیوخ کے اخلاق وسیرت کی پیروی کرتے تھے۔ پرہیزگاری جاتی رہی اور اس کی چادر لپیٹ لی گئی اور لالچ بڑھ گیا اور اس کی طنابیں مضبوط ہو گئیں۔لوگوں کے دلوں سے شریعت کا احترام اٹھ گیا چنانچہ انھوں نے دین سے لاپروائی برتنے کو نہایت مضبوط ذریعہ بنالیا۔حلال وحرام میں تمیز کرنا چھوڑ دیا اور شریعت کی بے حرمتی کرنے اور بے حیائی کو اپنا شعار بنالیا۔ لوگ عبادات کے ادا کرنے کو حقارت سے دیکھتے ہیں۔صوم وصلواۃ کی نعوذ باللہ اہانت کرتے ہیں۔غفلت کے میدان میں گھوڑے دوڑاتے ہیں اور اپنی خواہشات کی تابع داری میں لگے ہوئے ہیں۔منع کیے ہوئے امور کے کرنے میں ان لوگوں کو کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہوتی۔ بازاری لوگوں، عورتوں اور شاہی ملازمین سے مال لے کر استعمال میں لاتے ہیں'' (قشیری، ۱۹۸۴ء،۱۰۶)۔

سیّدِ ہجویر **کشف المحجوب** کے **باب التصوّف** میں واشگاف الفاظ میں فرماتے ہیں:

''موجودہ زمانے میں خدائے بزرگ و برتر نے اکثر لوگوں کو تصوّف اور اہل تصوّف سے

نا آشنا رکھا ہوا ہے اور اس مسلک کے لطیف معاملات ان کے دلوں سے چھپائے ہوئے ہیں'' (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۴۴)۔

پھر بعض نام نہاد صوفیوں کی کج روی کا ذکر کرتے ہیں جو عوام کو تصوّف سے بدظن کرنے کا باعث بنتی ہے:

''جب عوام نے اہلِ زمانہ کو دیکھا اور رسمی صوفیوں پر نظر ڈالی اور آگاہ ہوئے کہ وہ ناچتے گاتے ہیں، بادشاہوں کے درباروں میں جاتے ہیں اور لقمے اور خرقے کے لیے آپس میں لڑتے جھگڑتے ہیں تو عوام مکمل طور پر بدظن ہو گئے اور کہنے لگے کہ یہ مسلک تو یہی کچھ ہے اور گذشتہ صوفیہ بھی یہی کچھ کرتے تھے'' (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۵۸، ۵۹)۔

اس مقام پر سیّدِ ہجویر فرماتے ہیں کہ یہ آلام اور آزمائشوں کا زمانہ ہے اور معاشرے کے تمام طبقات ایسے ہی انحطاط کا شکار ہیں۔ صاحبانِ اقتدار حرص وہوس کی وجہ سے ظلم وستم کر رہے ہیں، لالچ نے علما کو فسق و فجور اور ریاکاری نے زاہدوں کو نفاق میں مبتلا کر رکھا ہے۔ ایسے میں نفسانی خواہشات نے صوفیوں کو بھی رقص وسرود میں گرفتار کیا ہوا ہے۔ لیکن یہ ذہن میں رہے کہ صوفی اگر درست راستے سے بھٹک بھی جائیں تو اصولِ طریقت میں کوئی خرابی واقع نہیں ہوتی (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۵۹)۔ انصاف کا تقاضا بھی یہی ہے کہ نام نہاد صوفیوں کے طرزِ عمل سے بدظن ہو کر خود تصوّف سے بدگمانی نہ رکھی جائے۔

بعض نام نہاد عالموں اور صوفیوں کی غلط روی اور عمومی بے حسی کا ذکر کرتے ہوئے، سیّد ہجویر یہ اشارات ضبطِ تحریر میں لائے ہیں:

- آج کل نشانۂ ملامت بننے کے لیے یہی کافی ہے کہ دو رکعت نماز ذرا لمبی کر کے پڑھی جائے یا دین پر مکمل عمل کیا جائے۔ سب لوگ ایسے شخص کو منافق اور ریاکار کہنے لگیں گے (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۸۹)۔
- آج کل سب علماء زہد وتقویٰ اور احتیاط سے دور ہیں کیوں کہ وہ نفسانی خواہشوں کے اسیر

ہیں، راہ حق سے بھاگے ہوئے ہیں، انھوں نے امیروں کے گھروں کو اپنا قبلہ اور ظالموں کے ڈیروں کو بیت المعمور بنا رکھا ہے، وہ جابروں کے غالیچوں کو قاب قوسین کے برابر گردانتے ہیں (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۱۴۴)۔

- نفس کے پیروکاروں نے حرص و ہوس کو دین اور خواہشاتِ نفس پر چلنے کو اتّباعِ شریعت کا نام دے رکھا ہے۔ جو شخص ان کے مطلب کا ہو، وہ خواہ بدعتی ہی کیوں نہ ہو، ان کے نزدیک دین دار ہوتا ہے اور جو آدمی ان کی مرضی کا نہ ہو، وہ خواہ متّقی ہی کیوں نہ ہو، ان کے نزدیک بے دین ہوتا ہے (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۲۰۸)۔
- دنیا پرست صوفیوں کا ایک عذرِ لنگ یوں بیان فرماتے ہیں: ہمارے زمانے میں ایک گروہ ریاضت کا بوجھ اٹھانے کی طاقت نہیں رکھتا۔ یہ لوگ ریاضت کے بغیر ہی عزّت وعظمت حاصل کرنا چاہتے ہیں اور سب اہلِ طریقت کو اپنے جیسا سمجھتے ہیں۔ یہ لوگ جب پرانے بزرگوں کی باتیں سنتے ہیں، ان کی عظمت دیکھتے ہیں اور ان کے احوال پڑھتے ہیں اور اپنے آپ کو دیکھتے ہیں تو خود کو اُن سے کوسوں دور پاتے ہیں لیکن انھیں یہ کہنے کا حوصلہ نہیں ہوتا کہ ہم ویسے نہیں ہیں۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ ہمارے زمانے میں ایسے لوگ نہیں رہے (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۲۴۵)۔
- سیّد ہجویر کے زمانے میں خود غزنی میں بھی کچھ نام نہاد صوفی جمع ہوگئے تھے اور انھوں نے تصوّف کی شکل مسخ کر رکھی تھی۔ آپ نے دعا فرمائی ہے کہ اللہ کرے غزنی ان لوگوں سے پاک ہو جائے اور سچے صوفیوں کی قدم گاہ بن جائے (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۲۶۵)۔
- آپ ایک مقام پر بڑے کرب سے ذکر فرماتے ہیں کہ آج کل کے رسمی صوفیوں کی صحبت سے کچھ ہاتھ نہیں آسکتا۔ یہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر گناہ اور ریا میں ان کا ساتھ نہ دیا جائے تو دشمن بن جاتے ہیں (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۲۷۷)۔
- ایک جگہ آپ نے اپنے کچھ ایسے ہم عصر رسمی صوفیوں کا ذکر کیا ہے جو الہام کے حوالے سے

مبالغے سے کام لیتے ہیں اور خود کو نیک لوگوں سے منسوب کرتے ہیں۔ آپ ایسے سب لوگوں کو گم راہ قرار دیتے ہیں (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۳۹۷)۔

- فرماتے ہیں کہ آج کل صوفیہ کے حلقوں میں ایک فتنہ رونما ہوا ہے اور وہ یہ ہے کہ ملحدوں کے ایک گروہ نے صوفیہ کی مقبولیت اور قدر و منزلت دیکھ کر ان کا بھیس بدل لیا ہے اور ان کا کہنا ہے کہ معرفت حاصل ہو جائے تو طاعت اور پابندیِ شریعت کی ضرورت نہیں رہتی (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۴۲۲)۔ آپ نے ان کے باطل فکر و عمل کا زوردار ردّ کیا ہے۔ امام قشیری نے بھی اس صورتِ حال پر بحث کی ہے (قشیری، ۱۹۸۴ء، ۱۰۶)۔
- سیّد ہجویر بعض ایسے نام نہاد صوفیوں سے ملے تھے جن کے نزدیک رقص ہی روحِ تصوّف تھا (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۶۰۵)۔ آپ نے ان کے خیالِ باطل اور سطحی رویّے کی تردید کی ہے۔
- نوخیزوں کو حصولِ لذّت کے لیے دیکھنا اور ان سے باتیں کرنا مذموم ہے۔ سیّد ہجویر فرماتے ہیں کہ اسے جائز قرار دینے والا کافر ہے۔ یہ طرزِ عمل باطل اور جہالت ہے اور حلولی اندازِ فکر ہے۔ فرماتے ہیں کہ مَیں نے کچھ لوگوں کو دیکھا جو اس روش کو بزرگانِ دین سے منسوب کرتے تھے گویا ان پر تہمت لگاتے تھے۔ ان لوگوں نے اسے اپنا مسلک بنا رکھا تھا۔ آپ فرماتے ہیں کہ تمام مشائخ نے اس عمل کو آفت و فتنہ قرار دیا ہے (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۶۰۶)۔ رسالۂ قشیریہ میں بھی اس موضوع پر عمدہ بحث کی گئی ہے (قشیری، ۱۹۸۴ء، ۱۰۷)۔
- سماع کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ مجھے زیادہ پسند یہ ہے کہ مبتدی صوفیوں کو سماع کی اجازت نہ دی جائے تاکہ ان کی طبیعت پراگندہ نہ ہو۔ اس لیے کہ سماع میں بڑے خطرے ہیں۔ سب سے بڑی آفت یہ ہے کہ عورتیں چھتوں یا اونچی جگہوں سے درویشوں کو حالتِ سماع میں دیکھتی ہیں جس کی وجہ سے سامعین کو حجابات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور نوخیز لڑکوں کو بھی محفلِ سماع میں شامل نہیں ہونا چاہیے۔ خاص طور پر اس صورتِ حال میں جب جاہل صوفیوں نے ان سب حرکتوں کو مسلک بنا رکھا ہے اور تصوّف کی سچّائی بیچ میں سے اٹھا دی گئی

ہے (ہجویری، ۲۰۰۴ء، ۶۱۰)۔ بعد میں حضرت امام غزالی (م.۱۱۱۱ء) نے بھی تقریباً انھی الفاظ میں اس صورتِ حال کی نشان دہی کی اور اسے گناہِ کبیرہ اور نزولِ لعنت کا سبب قرار دیا (پور جوادی، ۱۳۸۲ش، ۱۸۰)۔

سیّد ہجویری نے بھی اپنے پیش رو اکابرِ عرفان کی طرح ان تمام خرابیوں کے خلاف زبانی، قلمی اور عملی جدوجہد کی اور **کشف المحجوب** جیسی دستاویزِ طریقت میں صراحت سے یہ سب باتیں لکھ دیں تا کہ قیامت تک لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے رہیں۔

ایک اہم بات ہم سب کے سوچنے کی ہے اور وہ یہ ہے کہ ہزار بارہ سو سال پہلے اگر اہلِ تصوّف کو ان دشواریوں کا سامنا تھا تو آج یہ صورتِ حال امکانی طور پر کتنی بگڑ گئی ہوگی اور طالبانِ طریقت کو کس درجہ زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوگی!

☆☆☆☆

کتابیات:

پور جوادی، نصر اللہ، ۱۳۸۲ش، **دو مجدّد**، مرکز نشر دانشگاہی، تہران

طوسی، ابونصر سرّاج، ۱۹۸۶ء، **کتاب اللّمع فی التّصوّف**، ترجمہ: ڈاکٹر پیر محمد حسن، ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد

قشیری، امام ابوالقاسم، ۱۹۸۴ء، **رسالۂ قشیریہ**، ترجمہ، مقدمہ و تعلیقات: ڈاکٹر پیر محمد حسن، ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد

ہجویری، علی بن عثمان، ۲۰۰۴ء، **کشف المحجوب**، مقدمہ، تصحیح و تعلیقات: دکتر محمود عابدی، سروش، تہران

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 34, Sr.No.90, 2013 pp 45 - 54

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد۳۴،جنوری۔مارچ ۲۰۱۳ء،شمارہ۹۰

اُردو میں ''اختصاریہ'' نویسی کی روایت

زاہد اختر شاہین☆

ڈاکٹر نجیب الدین جمال☆☆

Abstract

It is very hard to find the tradition of writing 'short saying' in Urdu, however it is very strong in English literature. But in sixtees it was introduced in Urdu by Zawar Hussain. Afterwards it was promoted by Yazoo (Ghulam Yazdani Malik). It became or popular genre in Urdu through the writings of Wasif Ali Wasif. This article throws light on the history of "Ikhtisaria Naveesi" (Aphorism) in Urdu.

''بہترین کلام وہی ہے جس میں الفاظ کم اور معنیٰ زیادہ ہوں۔''(۱)

ایسا کلام ہمارے ہاں آیاتِ ربّانی اور احادیثِ مبارکہ کی صورت میں موجود ہے جو نہ صرف علم و حکمت کا منبع ہے بلکہ فصاحت و بلاغت کا اکمل ترین نمونہ بھی ہے۔علاوہ ازیں اہلِ بیتؑ،صحابہ کرامؓ،آئمہ عظامؒ،صوفیاء کرامؒ اور مشائخ عظامؒ کے ملفوظات کا ایک وسیع ذخیرہ بھی دستیاب ہے۔مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی غیر معمولی شخصیات،فلاسفہ،مفکرین اور قومی وملّی رہنماؤں کے اقوالِ زرّیں بھی بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں لیکن باقاعدہ صنفِ ادب کی حیثیت سے اُردو میں ''اختصاریہ'' کا کہیں سراغ نہیں ملتا۔البتہ انگریزی ادب میں

☆ اسکالر پی ایچ ڈی (اُردو)،شعبۂ اُردو واقبالیات،اسلامیہ یونیورسٹی،بہاول پور

☆☆ شعبۂ اُردو واقبالیات،اسلامیہ یونیورسٹی،بہاول پور

''اختصاریہ'' نویسی کی روایت خاصی مستحکم ہے۔ دیگر زبانوں کے علاوہ عربی اور فارسی ادب کا دامن بھی اس سے مالا مال ہے۔ ''اختصاریہ'' کو انگریزی میں ''ایفورزم'' کہا جاتا ہے اور یہ فلسفیانہ اصول کے مختصر اور جامع بیان کو کہتے ہیں جو عقل و دانش سے معمور عمومی سچائی کے مشاہدے کا تیکھے اور چست انداز میں اظہار کردے۔ (۲) انگریزی ادب میں اس کے لیے "Quotation" کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے جب کہ اُردو میں ملفوظات اور اقوالِ زرّیں کے علاوہ سنہری باتیں، جواہر پارے، نثر پارے، نثریے، بلیغیات، مختصرات، خیالیے، ایجازیے اور اختصاریے وغیرہ کے الفاظ مستعمل ہیں۔ تاہم معروف ڈراما نگار، شاعر اور کالم نگار امجد اسلام امجد کا تجویز کردہ نام ''اختصاریئے'' نے قبولیتِ عامہ حاصل کی ہے۔ (۳)

اُردو میں ''اختصاریہ'' نویسی کی ابتدا لبنان کے مشہور عرب عیسائی فلسفی، مفکر، مصوّر، ادیب اور شاعر جبران خلیل جبران کے تراجم سے ہوئی۔ بشیر ہندی نے سب سے پہلے جبران کے اختصاریوں کو اُردو زبان میں منتقل کیا۔ بعدازاں حبیب اشعر نے اس کام کو بھرپور انداز میں آگے بڑھایا۔ (۴) حبیب اشعر کے ترجمہ شدہ اختصاریے نہ صرف معیار اور اسلوب کے اعتبار سے وقیع ہیں بلکہ اُردو زبان و ادب کے قارئین میں بھرپور تعارفِ جبران کا سبب بھی ہیں۔

جبران کی زندگی مجمع البحرین تھی جس میں مشرق و مغرب کے فلسفہ و حکمت کے دھارے ملتے ہیں۔ (۵) نوعمر ہونے کی حیثیت سے وہ حسن کا پرستار تھا اور بزرگ ہونے کے ناتے حکمت و حقیقت کا عاشق تھا۔ (۶) جبران نے اپنے تقریباً ہر مضمون میں اس بات کی کوشش کی ہے کہ انسان کو خود اعتمادی کا درس دے اور اسے تصور کی دنیا میں ایسے بلند مقام پر پہنچا دے جہاں وہ اپنے آپ کو ہر چیز سے بلند تر سمجھے۔ اُس نے زیادہ تر مذہبی اجارہ داری، سرمایہ پرستی اور قدامت پرستی کے خلاف لکھا ہے، ظالم کی کھل کر مذمت اور مظلوم کا حق دلانے کی پوری کوشش کی ہے۔ (۷) دیگر حقائق کے علاوہ صنفِ نازک کی خصوصی حمایت، سماج کے گندے رسم و رواج کی عیوب کشائی اور معاشرے کی اصلاح کا جذبہ جبران خلیل جبران کے اختصاریوں میں نمایاں ہے۔ جبران کے چند اختصاریے بطورِ نمونہ پیش کیے جاتے ہیں:

> ''محنت...... محبت کے راز ہائے دروں کا گنجِ شائگاں ہے۔ محبت ایک حسین و نفیس پیکر ہے جس میں محنت بحیثیت روح کے ہے۔ اگر تم محبت کے ساتھ محنت نہیں کرسکتے تو بہتر ہے کہ مجبوری کی بھی محنت نہ کرو۔'' (۸)

''کوئی شخص تمہیں ایسا علم تعلیم نہیں کر سکتا جو پہلے ہی تمہارے ادراک کی اُفق، نیم خوابیدہ حالت میں موجود نہ ہو۔''(۹)

''اے لوگو! حسن زندگی ہے...... جب زندگی اس کے خوشنما اور مقدس چہرے سے نقاب اُٹھائے ......لیکن تم ہی تو زندگی اور نقاب ہو۔''(۱۰)

''عورت ایک رُباب کی مانند اس مرد کے ہاتھ میں ہے جو تاروں کو صحیح چھیڑنا تو در کنار، مضراب بھی پکڑنا نہیں جانتا اور پھر تعجب یہ ہے کہ ان تاروں کو چھیڑنے سے جو آواز بھی نکلتی ہے اسے ٹھیک اور صحیح آواز سمجھتا ہے۔''(۱۱)

''عہدِ ماضی میں غلام بادشاہوں کی خدمت پر فخر کیا کرتے تھے لیکن آج وہ مسکینوں کی خدمت کا دعویٰ کرتے ہیں۔''(۱۲)

بشیر ہندی اور حبیب اشعر کے ترجمہ شدہ جبران خلیل جبران کے ''اختصاریوں'' کے بعد راقم الحروف کے نزدیک اُردو میں اختصاریوں کی پہلی طبع زاد تصنیف ''افکار'' ہے جسے معروف پاکستانی فلسفی، مفکر، مصور، ادیب اور شاعر زوار حسین نے تخلیق کیا ہے (۱۳) جو مختصر اور مجمل افکار پر مشتمل ہونے کے باوجود اپنی تفصیل آپ ہے۔ عمیق مطالعہ، فلسفیانہ تجزیۂ حیات، وجدانی کیف اور شجریاتی اسلوب زوار حسین کی تحریروں کا خاصا ہے۔ مثال کے طور پر:

''انسانی تہذیبوں کی بوقلمونی ایک ایسے شجرِ قدیم سے عبارت ہے جو تغیراتِ عالم کے عین مقابل اپنی مجموعی قوت اور شرافت کی بنا پر سدا بہار رہتا ہے۔''(۱۴)

''حسن کے دو ہی نمایاں پہلو ہیں مظاہرِ فطرت کا حسن اور انسانی تخلیقات کا حسن مگر یہ دونوں پہلو انسان کی ذات سے وابستہ اور اسی کے ''حسنِ ذات'' کا پرتو ہیں۔''(۱۵)

''زمین کی کھدائی سے تاریخ کے زنگ آلود آثار ہی دریافت ہو سکتے ہیں! لیکن شعور کی کھدائی انسانی فطرت کے عمیق اسرار کو منکشف کر دیتی ہے۔''(۱۶)

''صحیح طریقۂ تعلیم وہ ہے جو ایک انسان کو کم سے کم عرصے میں زندگی کا جامع، بالغ اور کارساز شعور عطا کر سکے۔''(۱۷)

''انصاف ایک ایسی شاہراہِ عام ہے جو ''رحم'' کی انتہائی مخصوص بارگاہ تک پہنچ کر ختم ہو جاتی ہے۔''(۱۸)

زوار حسین کی اختصاریوں پہ مبنی تصنیف ''افکار'' کے بعد منظرِ عام پر آنے والی دوسری کتاب ''ربِّ ذوالجلال'' ہے جس نے ''اختصاریہ'' نگاری کے فن کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ''ربِّ ذوالجلال'' غلام یزدانی ملک کے نثر پاروں کا مجموعہ ہے، ان کا قلمی نام یزدو تھا۔''ربِّ ذوالجلال'' اپنے نثر پاروں کی ہیئت کے اعتبار سے، اسلوبِ بائبل اور اسلوبِ جبراآن کے بہت قریب ہے۔لیکن مضمون و معنی کے اعتبار سے اس کی اپنی انفرادیت مسلمہ ہے وہ ایک طرف جہاں اپنے ادب پاروں میں اخلاق کی عمومی قدروں کی نمائندگی کرتا ہے اور جمالیاتی فراغ بخشتا ہے وہاں دوسری طرف وہ عمومی عمرانی مسائل کو بھی موضوعِ فن بناتا ہے اور یوں اپنے فنی کینوس کو وسعت دے کر آفاق گیر بنا دیتا ہے......ان کے نثر پارے یونانی مجسّموں کی طرح مستحکم اور مستقل ہیں۔اس سے پاکیزگی اور تقدس کا احساس ہوتا ہے اور قاری ایک برتر جمالیاتی دنیا میں کھو جاتا ہے۔(۱۹) ان کے چند نثر پارے ملاحظہ کیجیے:

ایک مرتبہ: میں ایک کسبی کے ہاں ٹھہرا تو اس نے عود، عنبر کی خوشبوؤں کو سلگایا۔اس کے ساتھیوں نے الغوزے چھیڑے اور دف بجائے پھر رات گئے جب سب لوگ منتشر ہو گئے۔تو میں نے اس سے اظہارِ محبت کیا۔ جسے سن کر وہ متبسّم ہوئی۔عجب اندازِ خود سپردگی سے انگڑائی لی......اپنی مرمریں بانہیں میری گردن میں حمائل کر دیں اور کہنے لگی۔تم نے سنہری سکّوں کے عوض میرا جسم ہی تو خریدا ہے۔(۲۰)

''سرمایہ دار کی تجوری اور غریب کا پیٹ دونوں کبھی نہیں بھرتے۔''(۲۱)

''وہ سربلند، متکبر اور پُر شباب کنواریاں جن کی مرمریں باہیں کبھی بھی، کسی گھبرو کے گلے کی زینت نہیں بن سکیں۔بے حد قابلِ رحم ہوتی ہیں کیونکہ ایسی حسیناؤں کو میں اکثر راتوں کے اندھیروں میں محبت کے دیوتا کے حضور گڑگڑاتے اور یہ کہتے ہوئے سنتا ہوں کہ خداوند، محبت کے خدا !! جوانوں کے دل بھرپور محبت کے لئے ہماری طرف پھیر دے۔''(۲۲)

''میں نے اکثر فیلسوفوں اور مفکروں کو دیکھا ہے کہ وہ اپنی تمام تر صلاحیتیں اپنے اقوال کو سچ ثابت کرنے پر صرف کر دیتے ہیں۔خواہ وہ دن کو رات ہی کہہ چکے ہوں۔''(۲۳)

''نوجوانو!

دیویوں کے تراشیدہ مجسّموں سے مشابہ خوبصورت کنواریوں کے سڈول جسم

اس لیے نہیں ہوتے کہ انہیں بے دردی کے ساتھ پامال کر دیا جائے۔'' (۲۴)

''رَبِّ ذوالجلال'' کے بعد ''رشحات'' منصۂ شہود پر آئی تو ''اختصاریہ'' نے ایک قدم اور آگے بڑھایا۔ اعزاز مسرور کی اس کتاب میں انسان کو اُمید کے علاوہ مذہب ،اخلاقیات اور سماجیات کا درس دیا گیا ہے۔اعزاز مسرور نے اپنے اختصاریوں میں "Paradox" کی مدد سے بھی بھرپور معنویت پیدا کی ہے۔ان کے چند اختصاریے ملاحظہ کیجیے:

''تمنا کی تکمیل نہ ہو تو تکمیل کی تمنا کرو۔'' (۲۵)

''آس کو سدا آس پاس رکھو۔'' (۲۶)

''عدمِ تشدد کے پردے میں تشدّد کرنا گاندھی کی پیروی کرنا ہے۔'' (۲۷)

''اخلاقیات کے اصول ایسے بیج ہیں جو بوئے کہیں جاتے ہیں اور پھوٹتے کہیں اور ہیں۔'' (۲۸)

''بہترین محبت وہ ہے جس میں بندگی بھی شامل ہو اور اس کے لائق صرف خدا ہے۔'' (۲۹)

بشیر ہندی اور حبیب اشعر کے ترجمہ شدہ جبران خلیل جبران کے اختصاریوں، زوار حسین، یزؔو (غلام یزدانی ملک) اور اعزاز مسرور کے طبع زاد نثر پاروں نے جس سفر کا آغاز کیا تھا۔ واصف علی واصف کی ''کرن کرن سورج'' اس کا نقطۂ عروج ثابت ہوئی۔خاص و عام میں یکساں مقبولیت حاصل کرنے والی اس کتاب نے صنفِ ''اختصاریہ'' کو وہ اعتبار بخشا کہ الفاظ میں تذکرہ مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔''کرن کرن سورج'' واصف علی واصف کے طبع زاد اختصاریوں کا پہلا مجموعہ ہے جو اپنی فکر اور اسلوب کے اعتبار سے ممتاز حیثیت کا حامل ہے۔صوفیانہ فکر سے مزّین اقوالِ واصف کی تاثیر کا دائرہ جس تیزی سے پھیل رہا ہے، وہ قابلِ رشک ہے۔عشق اللہ اور حبیب اللہ ﷺ، اسلام، پاکستان، محبت ، انسان اور کائنات کے علاوہ مذہب و اخلاقیات واصف علی واصفؔ کے اختصاریوں کی جان ہیں۔عہدِ حاضر میں میرؔ، غالبؔ اور اقبالؔ کے اشعار کی طرح اقوالِ واصف بھی زبان زدِ عام ہیں۔بطورِ دلیل چند اقوالِ واصفؔ ملاحظہ کیجیے:

''جو انسان اپنی وفا کا ذکر کرتا ہے وہ اصل میں دوسرے کی بے وفائی کا ذکر کر رہا ہوتا ہے......وفا تو ہوتی ہی بے وفا سے ہے۔'' (۳۰)

''دور سے آنے والی آواز بھی اندھیرے میں روشنی کا کام دیتی ہے۔'' (۳۱)

''خوش نصیب انسان وہ ہے جو اپنے نصیب پر خوش رہے۔'' (۳۲)

''ہم لوگ فرعون کی زندگی چاہتے ہیں اور موسیٰؑ کی عاقبت۔'' (۳۳)

''جب نبی کی وراثت موروثی نہیں تو اولیاء کی وراثت کس طرح موروثی ہو گئی؟ گدی نشینی کا تصور، غور طلب ہے۔'' (۳۴)

''جو لیڈر نا اہل ہو وہ اپنے رفقاء کا گلہ کرتا ہے۔ سورج کہلانے کا شوق ہو تو روشنی پیدا کرو۔'' (۳۵)

''خاوند کو غلام بنانے والی بیوی آخر غلام ہی کی تو بیوی کہلاتی ہے! دانا بیوی خاوند کو دیوتا بناتی ہے اور خود دیوی کہلاتی ہے۔'' (۳۶)

''اختصاریہ'' کو بامِ عروج عطا کرنے والے واصف علی واصف کے بعد ایک اور معتبر نام خالد حنیف کا ہے جس نے اس صنفِ ادب کو اپنے خونِ جگر سے سینچا اور اسے فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی تصانیف ''میں۔ تو اور وہ''، ''اختصاریئے''، اور ''سیپ سیپ سمندر'' کے نام سے منظرِ عام پر آ چکی ہیں جن میں اخلاقیات و نفسیات کے علاوہ دین، مرد و عورت اور محبت کو خاص طور پر موضوع بنایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں خالد حنیف نے محاورات کی توڑ پھوڑ سے اپنے تخلیق کردہ اختصاریوں میں نئے معانی پیدا کرنے کی کوشش بھی کی ہے۔ مثال کے طور پر:

''یہ صحیح ہے کہ کنوئیں کا مینڈک دریا کے مینڈک کی نسبت زیادہ محفوظ ہوتا ہے لیکن زندگی کا صحیح لطف کون اٹھاتا ہے؟'' (۳۷)

''سن اے عورت! اگر پھول کی خودنمائی اپنائے گی تو بھنورا ہی پائے گی اور اگر پروانہ چاہتی ہے تو پہلے خود ''شمع'' بن۔'' (۳۸)

''بلّی کی آنکھیں ہمیشہ اندھیرے میں چمکتی ہیں۔'' (۳۹)

''ایک باپ کی کامیابی کا اندازہ اس سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ بچّے اس کے آنے سے خوش ہوتے ہیں یا جانے سے۔'' (۴۰)

''قوتِ برداشت بڑھانے کا ایک اور طریقہ: امیر زادوں کو ٹیوشن پڑھانا۔'' (۴۱)

اب ذکر ایک ایسے ''اختصاریہ'' نگار کا جو نہ صرف واصف علی واصف کے مرید ہیں بلکہ انہیں اگر واصف علی واصفؔ کا قلمی جانشین قرار دیا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ واصفی فکر و اسلوب سے مزّین، نادر جملے تخلیق کرنے والے ڈاکٹر اظہر وحید کی ''پہلی کرن'' اور ''دلِ ہر قطرہ'' نے اختصاریہ نگاری

کے فروغ میں جو کردار ادا کیا ہے وہ نا قابلِ فراموش ہے ۔ دل کو چھو لینے والے، گیرائی اور گہرائی کے حامل جملے نہ صرف انسانی روح کو سیراب کرتے ہیں بلکہ دعوتِ فکر و عمل کا سبب بھی بنتے ہیں ۔ ڈاکٹر اظہر وحید کے اختصاریوں کی ایک جھلک دیکھیے :

''کائنات......اسمِ محمد ﷺ کی تشریح ہے اور......موجودات......محوِ نعت !!'' (۴۲)

''الفاظ کی نشست و برخاست......مہذب معاشرے میں ایسے ہی ہے جیسے افراد کی نشست و برخاست !!......محض کسی ایک لفظ کی نشست، بے ترتیب ہونے سے کئی نشستیں برخاست ہو جاتی ہیں ۔'' (۴۳)

''یہ کائنات ایک حادثہ نہیں ہے......حادثے میں اس قدر حُسن نہیں ہو سکتا...... کیونکہ حُسن، حُسنِ ترتیب کا نام ہے اور حادثہ......؟ کسی ترتیب کے بکھر جانے کا نام !! (۴۴)

''خدا جس کو زمین پر عاجز کرنا چاہتا ہے......اس سے عاجزی چھین لیتا ہے ۔'' (۴۵)

''مجبوری......کمزوری کا ایک مہذّب نام ہے ۔'' (۴۶)

اُردو ''اختصاریہ'' جس کی ابتداء جبران خلیل جبران کے تراجم سے ہوئی، اب ایک مقبول صنفِ ادب بن چکا ہے اور اس کے فروغ میں بہت سے لکھاری اپنا اپنا کردار ادا کر رہے ہیں ۔ آئے دن اختصاریوں پر مشتمل کتب کی تصنیف و تالیف اور اشاعت اختصاریہ نویسی کی مقبولیت کی روشن دلیل ہے ۔ ان کتب میں ''علم ابھی تشریح طلب ہے'' (از: محمد صادق)، ''بات سے بات'' (از: محمد مختار شاہ)، ''حرف ریزے'' اور ''لرزشِ حرف'' (از: فرقان احمد قریشی)، ''نکتہ داریاں'' (از: ڈاکٹر منصور احمد باجوہ)، ''دائرے، نقطے، حرف'' (از: سیّد فہیم الدین) کے علاوہ ''انوارِالصفاء'' (مرتبہ: محمد خصلت حسین صابری چشتی)، ''اقوالِ زرّیں کا خوبصورت انسائیکلو پیڈیا'' (مرتبہ: ڈاکٹر حمیرا بتول میؤ/ ڈاکٹر مصباح چودھری)، ''مسلم مفکرین کی سنہری باتیں'' (مرتبہ: پروفیسر عرفان احمد) اور ''اقوالِ اقبالؒ'' (مرتبہ: سعیدا ے شیخ) نمایاں ہیں ۔

☆☆☆☆

حوالہ جات

۱۔ واصف علی واصف، ''کرن کرن سورج''، کاشف پبلی کیشنز، لاہور، جون ۱۹۸۴ء، ص ۹۹

۲۔ مخدوم محمد حسین، ڈاکٹر، ''واصف باصفا''، کاشف پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۹۸ء، ص ۵۰

۳۔ خالد حنیف، ''اظہارِ تشکر''، مشمولہ ماہنامہ ''سپوتنک'' لاہور، جلد ۱۷، شمارہ نمبر ۱، جنوری ۲۰۰۶ء، ص ۵۶

۴۔ (i) راقم الحروف کا آغا امیر حسین سے مصاحبہ، بمقام ''کلاسیک''، ۴۲۔ دی مال، لاہور، بتاریخ ۲۶/ جولائی ۲۰۰۸ء

(ii) جبران: مشہور عرب عیسائی فلسفی، مفکر، مصور، ادیب اور شاعر جبران خلیل جبران ۶/ جنوری ۱۸۸۳ء کو لبنان کے مضافات میں واقع ایک مقام ''بشاری/ بشریٰ'' میں پیدا ہوا۔ ۱۲ سال کی عمر میں امریکہ چلا گیا۔ بوسٹن سکول سے تعلیم حاصل کی۔ کچھ عرصہ بعد لبنان واپس آیا اور بیروت کے مدرستہ الحکمت میں داخلہ لے لیا۔ عربی زبان و ادب کی تحصیل کے بعد ۱۹۰۳ء میں امریکہ واپس چلا گیا اور ۵ سال بوسٹن میں گزارے۔ فنونِ لطیفہ سے غیر معمولی محبت تھی۔ پیرس (فرانس) میں بھی قیام پذیر رہا۔ عربی، انگریزی اور فرانسیسی زبانوں کا ماہر تھا۔ اس نے عربی اور انگریزی زبانوں میں بہت سی تصانیف یادگار چھوڑی ہیں جن کے تراجم دنیا کی متعدد زبانوں میں ہو چکے ہیں۔ ''دی پروفٹ'' کو جبران کی بہترین تصنیف کہا جاتا ہے۔ جس کا عربی ترجمہ ''النبیؐ'' کے نام سے ہو چکا ہے۔ ۱۰/ اپریل ۱۹۳۱ء کو نیویارک میں جبران کا انتقال ہوا اور اسے اپنے آبائی علاقے ''بشاری'' میں دفن کیا گیا۔

۵۔ طاہر عدنان، ''تذکرہ۔ جبران خلیل جبران''، مشمولہ ''روحِ جبران''، مرتبہ: طاہر عدنان، العصر پبلی کیشنز، لاہور، اگست ۲۰۰۷ء، ص ۱۷

۶۔ اشفاق احمد ندوی، ڈاکٹر، ''جبران خلیل جبران۔ فن اور شخصیت''، ریاض اکیڈمی، لاہور، ۱۹۹۳ء، ص ۲۱

۷۔ ایضاً، ص ۱۲۲

۸۔ طاہر عدنان، ''روحِ جبران''، العصر پبلی کیشنز، لاہور، اگست ۲۰۰۷ء، ص ۲۴

۹۔ ایضاً، ص۲۵ ۱۰۔ ایضاً، ص۲۶

۱۱۔ ایضاً، ص۲۲۵ ۱۲۔ ایضاً، ص۲۲۵

۱۳۔ (i) خاکسار حسین، مکتوب بنام راقم الحروف، از ملتان، ۱۵ فروری ۲۰۰۹ء میں تحریر کرتے ہیں۔ ''زوار حسین میرے حقیقی بڑے بھائی تھے...... ان کی کتاب ''افکار'' کے بارے میں بڑے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ ان کی پہلی کاوش تھی اور غالباً ۱۹۶۶ء یا ۱۹۶۷ء میں چھاپی گئی۔''

(ii) زوار حسین: معروف پاکستانی فلسفی، مفکر، مصور، ادیب اور شاعر زوار حسین ستمبر ۱۹۳۰ء کو ملتان میں پیدا ہوئے۔ میوسکول آف آرٹ، لاہور میں برطانوی نژاد پاکستانی مصورہ مسز اینا مولکا احمد کے شوہر شیخ احمد سے مصوری کی بنیادی تعلیم حاصل کی۔ ملتان میں سب سے پہلا موسیقی اور مصوری کی تعلیم وتربیت کا ادارہ ''اکیڈمی آف فائن آرٹ'' قائم کیا۔ بہت سے اعزازات کے حامل زوار حسین ''افکار'' کے علاوہ ''سلیقۂ زیست''، ''آہنگِ تخلیق''، حروف''، ''اکیلی ہوا''، ''اطرافِ خیال'' اور ''سیکولر نظامِ افکار'' کے خالق بھی ہیں۔ ۲/ دسمبر ۲۰۰۳ ان کی تاریخِ وفات ہے۔

۱۴۔ زوار حسین، ''افکار''، ادارہ ''طرحِ نو''، ملتان، سن ندارد، ص۵

۱۵۔ ایضاً، ص۶ ۱۶۔ ایضاً، ص۷

۱۷۔ ایضاً، ص۱۲ ۱۸۔ ایضاً، ص۱۴

۱۹۔ (i) ظہیر کاشمیری، پیش لفظ، مشمولہ ''ربّ ذوالجلال''، یزّو (غلام یزدانی ملک)، بک ٹریڈرز، لاہور، دوم، فروری ۱۹۷۹ء، ص ا۔ ب

(ii) ''ربِّ ذوالجلال'' کا پہلا ایڈیشن آغا امیر حسین نے اپنے ادارہ ''کلاسیک''، ۴۲۔ دی مال، لاہور، سے جنوری ۱۹۷۱ء میں گیارہ سو کی تعداد میں شائع کیا تھا۔

۲۰۔ یزّو، (غلام یزدانی ملک)، ''ربّ ذوالجلال''، بک ٹریڈرز، لاہور، دوم، فروری ۱۹۷۹ء، ص ۱۵۸

۲۱۔ ایضاً، ص۱۴۴ ۲۲۔ ایضاً، ص۹۱

۲۳۔ ایضاً، ص۹۰ ۲۴۔ ایضاً، ص۴۷

۲۵۔ اعزاز مسرور، ''رشحات''، لاہور، اوّل دسمبر ۱۹۸۱ء، ص۴

۲۶۔ ایضاً، ص۶ ۲۷۔ ایضاً، ص۷

۲۸۔ ایضاً، ص۱۷ ۲۹۔ ایضاً، ص۳۰

۳۰۔ (i) واصف علی واصف، ''کرن کرن سورج'' کاشف پبلی کیشنز، لاہور، جون۱۹۸۴ء، ص۵۰

(ii) معروف ادبی شخصیت اور مترجم پروفیسر سجاد حیدر پرویز نے ''کرن کرن سورج'' کا سرائیکی زبان میں ترجمہ ''کڑاواں

کڑاواں سجھ'' کے نام سے کیا جو ۷/اپریل ۲۰۰۰ء میں شائع ہوا۔

۳۱۔ واصف علی واصف، ''کرن کرن سورج''، کاشف پبلی کیشنز، لاہور، جون۱۹۸۴ء، ص۵۲

۳۲۔ ایضاً، ص۵۷ ۳۳۔ ایضاً، ص۹۶

۳۴۔ واصف علی واصف، ''کرن کرن سورج''، ص۱۰۰

۳۵۔ ایضاً، ص۱۱۸ ۳۶۔ ایضاً، ص۱۳۸

۳۷۔ (i) خالد حنیف، ''میں ۔تُو اور وہ''، عثمان پبلی کیشنز، لاہور، نومبر۱۹۸۴ء، ص۶۶

(ii) معروف شاعر اور مترجم سہیل اختر نے ''میں ۔تُو اور وہ'' کا انگریزی ترجمہ ''Whispers in stilly nights'' کے نام سے کیا جو اکتوبر۱۹۹۴ء میں شائع ہوا۔

۳۸۔ خالد حنیف، ''میں ۔تُو اور وہ''، عثمان پبلی کیشنز، لاہور، نومبر۱۹۸۴ء، ص۵۱

۳۹۔ ایضاً، ص۱۰ ۴۰۔ ایضاً، ص۹ ۴۱۔ ایضاً، ص۳۳

۴۲۔ اظہر وحید، ڈاکٹر، ''دلِ ہر قطرہ''، واصف میڈیکل سنٹر، لاہور، اگست ۲۰۰۶ء، ص۱۲

۴۳۔ ایضاً، ص۳۹

۴۴۔ اظہر وحید، ڈاکٹر، ''پہلی کرن''، القمر انٹر پرائزرز، لاہور، جلد سوم، اگست ۱۹۸۷ء، ص۱۱

۴۵۔ ایضاً، ص۳۵ ۴۶۔ ایضاً، ص۱۱۵

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 34, Sr.No.90, 2013 pp 55 - 62

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد ۳۴، جنوری۔مارچ ۲۰۱۳ء، شمارہ ۹۰

مثنوی شیرین و فرهاد سرودهٔ دونی چند رایزاده

دکتر محمد ناصر / دکتر محمد صابر ☆

Abstract:

Shirin & Farhad is a famous Persian love story narrated by so many poets, but the best known is written by Nazami Ganjavi. Many of the Sub-continents's Persian poets have also shown their interest in the same fairy tale. Dunichand Raizadeh, a Hindu Persian poet of Sub-continent, has told this tale yet again, very briefly but artistically. In present article, this unpublished Mathvavi has been edited and introduced.

Key words: Shirin & Farhad, Love story, Persian literature, Sub-continent Dunichend Raizadeh

دونی چند رایزاده معروف به نام باالی، تاریخ نویس و شاعر زبان فارسی شبه قاره، در سدهٔ دوازدهم قمری می زیسته است۔ اسم پدرش میگهراج رایزاده بود۔ دونی چند در زمان کودکی اش، در سن هفت سالگی، پدرش را از دست داد۔ همان از دوران طفلگی به جهانگردی، علوم حرب و علم موسیقی علاقه داشت، و افزون بر آن در علم طب نیز دستی داشت و به معالجهٔ مریضان و کسالتمندان نیز می پرداخت۔ اما در اواخر زندگانی اش این شغل را ترک گفت و به خدمت سلطان دلاور خان گکهر (حك: ۱۱۱۷۔ ۱۱۳۹ق) در آمد و به عنوان متصدی اش خدماتی انجام داد۔ (Duni Chand, P.6-7)

☆ اعضای هیات علمی گروه فارسی دانشگاه پنجاب، لاهور، پاکستان

می نویسند که به سبب سختگیری مدار المهام به زندان افتاد و چندی بعد رهایی یافت و عازم بغداد شد، و دوازده سال در آن دیار بسر برد، و سپس به سر زمین پوتوهار، میهن خویش، باز آمد۔ در آن هنگام از شهرستانهای متعدد ایالت پنجاب از جمله مولتان، گجرات و سیالکوت دیداری کرد و در دوران همین سفر طولانی به ایالت جمون هم رسید (اسماعیل پور، ص ۲۰۹۵) و در دربار راجهٔ جمون وقتی که سخن از دلیری و شجاعت فرمان روایان آن دیار می رفت، دونی چند رایزاده به ستایش خانوادهٔ گهکر ان پرداخت، چون خودش را پرورده و نمکخوار ایشان می پنداشت۔ در باریان راجهٔ جمون در اثبات ادعای او، از وی شعر حماسه ای تقاضا نمودند، و دونی چند رایزاده در ظرف چند روز به زبان پوتو هاری نسب نامهٔ منظوم خانوادهٔ گکهران را سرود و توسط میر گل میراسی به دربار راجهٔ جمون فرستاد نسب نامهٔ یاد شده به دست سلطان مبارز خان نیز رسید ومورد استقبال گرم وی قرار گرفت، و به تقاضای وی دونی چند به نوشتن کیگوهر نامه پرداخت، و در سال ۱۱۳۷ق آن را به پایان رساند۔ (سید عبدالله، ص ٩٦؛ ظهورالدین احمد، صص٤٣٣۔٤٣٧، جلد سوم)

پس از در گذشت دونی چند رایزاده، فرزندش برجناته رایزاده و سپس نوه اش رتن چند رایزاده بر مطالب کیگوهر نامه افزودند، و چندی بعد نویسنده ای دیگر به نام عزت رای نیز بر متن کتاب افزود۔ (همو، همانجا)

شاد روان دکتر محمد باقر، استاد و ریاست گروه فارسی در دانشکدهٔ خاور شناسی، دانشگاه پنجاب، لاهور، پاکستان، کیگوهر نامه را در سال ١٩٦٥م توسط اکادمی ادبی پنجابی از لاهور منتشر کرد و در ضمن تدوین و تصحیح، چهار نسخهٔ خطی زیر را مورد نگاه قرار داد:

الف) نسخهٔ خطی موجود در کتابخانهٔ اندیا آفس در لندن، انگلستان (کتابخانه بریتیش فعلی، در لندن)

ب) نسخهٔ خطی موجود در موزهٔ بریتانیا در لندن، انگلستان (کتابخانهٔ بریتیش فعلی در لندن)

ج) نسخهٔ خطی موجود در کتابخانهٔ شخصی محمد گلزار خان

د) نسخهٔ خطی موجود در کتابخانهٔ شخصی غازی الدین حیدر

علاوه بر چهار نسخهٔ مزبور، در کتابخانهٔ مرکزی دانشگاه پنجاب، لاهور، پنج نسخهٔ دیگر به شمارهٔ ایچ ٥٢، ایچ ٥٣، ایچ ٥٤، ایچ ٥٥ و ایچ ١١٢، نیز در مجموعهٔ آذر

نگهداری می شود۔ (منزوی، الف، صص ۱۵۱۲ـ۱۵۱۳، جلد هشتم؛ همو، ب، صص ٤٨٧، ٤٨٩ جلد دهم؛ نوشاهی، ص ٤١٦)که هیچ کدام از آنها مورد استفادهٔ دکتر محمد باقر قرار نگرفت۔ در میان نسخه یاد شده، دو نسخه به شماره ایچ ٥٥ و ایچ ١١٢ نسبت به نسخه های دیگر مفصلتر هستند و افزون بر تاریخ منثور خانواده گکهران مثنوی های بسیار جالب را نیز دارند شایسته است ذکر شود که در سه نسخهٔ دیگر هیچ مثنوی نیامده است۔ مثنویها به این ترتیب است:

(۱) در تعریف قلم (۲) در صفت کاغذ (۳) در شکوه و شکایت فلك (٤) حکایت یوسف زلیخا (٥) قصهٔ لیلی و مجنون (٦) قصهٔ شیرین وفرهاد (۷) قصهٔ وامق و عذرا (۸)قصهٔ رسالو و کوکلا (۹) قصهٔ سسی و پنوں (۱۰) قصهٔ هیر و ماهی (۱۱) قصهٔ مرزا و صاحبه (۱۲) قصهٔ بون و جلالی (۱۳) قصهٔ سوهنی و مهینوال (١٤) قصهٔ مادهو و کام کندلا (١٥) قصهٔ سورته و بیجا (١٦) قصهٔ رود و جلالی (۱۷) قصهٔ مصری و ماهی (۱۸) قصهٔ باغ این جهان۔ (منزوی، الف، ١٥١٣؛ ظهور الدین احمد، ٤٣٨، جلد سوم)

جالب است که در کیگوهر نامه، چاپ دکتر محمد باقر، ذکری از هیچ مثنوی نیامده است۔ مثنوی شیرین و فرهاد، در دو نسخهٔ خطی در مجموعهٔ آذر، به شمارهٔ ایچ ٥٥ (نسخهٔ بدل) و ایچ ١١٢ (نسخهٔ اساس) آمده است۔ تفاوت در میان دو نسخه یاد شده بسیار کم به چشم می خورد۔ نسخهٔ خطی به شمارهٔ ایچ ٥٥ مشتمل بر ۷۹ برگ و نسخهٔ خطی به شماره ایچ ١١٢ دار ای ۸۰ برگ است که در واقع در یك جلد اما در میان دو کتاب قرار گرفته است، از برگ شمارهٔ ٦٩ آغاز می شود و به برگ شمارهٔ ١٤٨ به پایان می رسد۔ نسخهٔ اول الذکر در سال ١٨٨٨ بکرمی نگارش یافته است و سال کتابت نسخهٔ موخرالذکر درج نیست۔

پیشینهٔ داستان:

نظامی گنجوی (٥٣٥ تا ٦٠٧ ـ ٦١٢ ق) داستان سرایی بزرگِ ایرانی مثنوی به نام خسرو و شیرین سروده است و در آن منظومه فرهاد و خسرو هر دو عاشقِ شیرین هستند و خسرو پسرِ هرمز و نوهٔ انو شیروان، پادشاه ساسانی، با فرهاد عهد می بندد که اگر فرهاد کوه

را با تبر بکند، حق داشتن شیرین را داشته باشد۔ فرهاد شروع به کندن کوه می کند و وقتی این خبر به خسرو می رسد، او به فرهاد از طریقی این اطلاع دروغین می رساند که شیرین درگذشته است۔ فرهاد خودش را به ضرب تبر می کشد و در پا یان شیرین از غمِ مرگِ فرهاد جانش را به حق می سپارد۔

خلاصۀ مثنوی دونی چند:

شاعر در آغازِ منظومه از زیبایی شیرین سخن می زند۔ سپس بدان می پردازد که چگونه خسرو در دام عشقِ شیرین اسیر می شود البته فرهاد نیز که دلباختۀ شیرین است، مبتلای عشقِ وی است۔ شیرین به فرهاد می گوید که در عشقِ وی کوه را بکند، مردانه صفت کمر بندد و عشقِ راستین خود را نشان بدهد۔ اما فرهاد در آن تلاش کندنِ کوه جانش را می بازد۔

داستانِ خسرو و شیرین در شبه قاره همواره موردِ توجه سخنورانِ این دیار قرار گرفته است که بدین ترتیب اند:

۱۔ شیرین و خسرو، به نام فرهاد و شیرین یا شیرین و فرهاد ازجمال الدین عرفی شیرازی (د۔۹۹۹ ق) در ٤٤٠ بیت۔

۲۔ شیرین و خسرو از محسن رازی (د۔ ۱۰۲۰ ق)

۳۔ شیرین و خسرو از میرزا صغیر بیگ (د۔۱۰۲۱ ق)

٤۔ خسرو و شیرین یا فرهاد و شیرین از میرزا قوام الدین آصف خان متخلص به جعفر (د۔۱۰۲۱ق)

٥۔ شیرین و خسرو از میر محمد حسن (دوران اکبر شاه)

٦۔ شیرین و خسرو از شکیبی صفا هانی (دوران جهانگیر شاه)

۷۔ شیرین و خسرو از محمد شریف کاشی (د۔۱۰۲٤ ق)

۸۔ خسرو و شیرین از خواجه شاپور رازی متخلص به فریبی(د۔ ۱۰۳۱ ق)

۹۔ شیرین و خسرو از محمد طاهر وصلی رازی (د۔ ۱۰۳۱ ق)

۱۰۔ شیرین و خسرو از میرزا محمد متخلص به روح الامین (دوران جهانگیر شاه)

۱۱- خسرو و شیرین از ابراهیم ادهم (دورانِ شاه جهان)

۱۲- شیرین و خسرو از خضری خوانساری (دورانِ اورنگزیب عالمگیر)

۱۳- شیرین و خسرو منسوب به ملا فوق الدین (دورانِ اورنگزیب عالمگیر)

۱۴- شیرین و خسرو از مترا داس

۱۵- خسرو و شیرین به نام ثمرة الفواد و نتیجة الوداد از محمد قاسم ظرافت لاهوری (قرن دوازدهم هجری قمری)

قصهٔ درد زاد خسته نهاد شیرین و فرهاد که به فولاد سنگ و تیشه جان برباد داد

۱	شیرین سخن از بیانِ شیرین	کوهست همه تن چو جانِ شیرین
۲	از بسکه به شهد و شیرخندد	از گفتنِ نام لب ببندد
۳	با شیر زبان خود بشویم	تا نام چو شیر او بگویم
٤	بر کاغذ گر نویسم از شوق	چفشیده قلم شود به صد ذوق
٥	ای خامه به مغز بخت و خامی	کن از سر شوق تیز گامی
٦	درمانده مشو چو مگس در شهد	از روز نخست یاد کن عهد
۷	شیرین تر ساز خود زبان را	زان پس ده چاشنی جهان را
۸	آن ماه جبین به نور افروخت	از نور رخش تنورِ دل سوخت
۹	چون مادرِ دهر شیر دادش	در شیر جهان اسیر دادش
۱۰	خسرو چو شنید حُسنِ او را	چون دام بلایی مو به مو را
۱۱	دیوانه صفت زنجیر پا کرد	بر لشکر و مال پشت پا کرد
۱۲	در بازیِ عشق خان و مان باخت	آن را چه کُند چون نقد جان باخت
۱۳	بی تاب و خراب بود فرهاد	چون مرغِ اسیر دستِ صیاد
۱٤	در ورطهٔ بلا کناره می جُست	بی چاره مریض چاره می جُست

۱۵	شیرین کردش عجب علاجی	زین داد به عاشقان رواجی
۱٦	گفتش که رود به جُست و جویی	در کوهِ فلان برای جویی
۱۷	شب روز به سنگ سخت سازد	از سنگ دلی دو لخت سازر
۱۸	مردانه صفت میان ببندد	یك حوض برای شیر کندد
۱۹	زان جویی کند به دست و رویی	از عمرِ عزیر شست و شویی
۲۰	آن چابك دست هنر پیشه	کندید چو ریشه خود به تیشه
۲۱	افتاد به پای خود به چاهی	از بیخ به کوه همچو کاهی
۲۲	چون عشق ز دل دیوانه کردش	آن کو قدیم خانه کردش

فنی خصایص و صنایع بدایع:

بیت ۱: شیرین سخن، بیان شیرین، جان شیرین: حس آمیزی

بیت ۱: تکرارِ کلمۂ شیرین

بیت ۱: تکرارِ حرف شین و نون

بیت ۱: تن، جان: صنعت تضاد

بیت ۱: تن چو جان: تشبیه

بیت ۲: به شهد و شیر خندیدن: کنایه

بیت ۲: از گفتن نام لب ببندد: کنایه

بیت ۳: با شیر زبان شستن: کنایه

بیت ۳: نام چو شیر: تشبیه

بیت ٤: قلم: تشخیص

بیت ۵: ای خامه: تشخیص

بیت ٦: چون مگس در شهد در ماندن: کنایه

بیت ٦: شهد، عهد: جناس ناقص

بیت ٦: روزِ نخست: تلمیح از روزِ الست

بیت ٧: شیرین ساختن زبان: حس آمیزی و کنایه

بیت ٨ : ماه جبین: تشبیه بلیغ

بیت ٨: تنورِ دل: تشبیه بلیغ

بیت ٩: مادرِ دهر: استعاره مکنیه (تشخیص)

بیت ٩: جهان : مجاز مرسل برای اهلِ جهان

بیت ١٠: دامِ بلا: تشبیه بلیغ

بیت ١٠: مو، او : جناس ناقص

بیت ١١: بر لشکر و مال پشتِ پا کردن: کنایه

بیت ١٢: نقدِ جان: تشبیه بلیغ

بیت ١٢: نقدِ جان باختن: کنایه

بیت١٢: بازی عشق: تشبیه بلیغ

بیت ١٢: خان ، مان، جان، آن، جناس

بیت ١٣: فرهاد چون مرغِ اسیر دست صیاد: تشبیه

بیت ١٤: چاره، بی چاره: جناس

بیت١٦: جویی، جویی: جناس تام

بیت ١٧: شب، روز: صنعتِ تضاد

بیت ١٧: سنگ دلی: کنایه

بیت ١٨: میان بستن: کنایه

بیت ١٩: از عمرِ عزیز دست شستن: کنایه

بیت ١٩: رویی ، شویی: جناس

بیت ١٩: دست، شست: جناس

